مِنَ الْآبَاءِ مَنْ يَدْخُلُ ابْنَهُ أَوَّلاً فِي الْكِتَابِ لِيَتَعَلَّمَ حُرُوْفَ الْهِجَاءِ وَالْكِتَابَةَ وَالرَّسْمَ الصَّحِيْحَ وَيَحْفَظُ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ ثُمَّ إِلَى الْمَدْرَسَةِ الْعَصْرِيَّةِ.

بعض والدین پہلے پہل اپنے بچوں کو مکتب میں داخلہ دلاتے ہیں تاکہ حروفِ تہجی، لکھائی اور صحیح اِملاء سیکھے اور قرآن پاک حفظ کرے پھر سکول جاتے ہیں۔

أَنَا دَرَسْتُ فِي الْكُتَّابِ فَفِيْهِ تَعَلَّمْتُ مِنْ إِمَامِ الْمَسْجِدِ حُرُوْفَ الْهِجَاءِ وَكَيْفِيَّةَ رَسْمِهَا وَكَذٰلِكَ كِتَابَةَ الْكَلِمَاتِ وَحَفِظْتُ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ.

میں نے پہلے مکتب میں پڑھا اس میں مسجد کے امام صاحب سے حروفِ تہجی اور اس کا لکھنا اور اسی طرح کلمات کا لکھنا سیکھا اور قرآن پاک حفظ کیا۔

قَامَ أَبِيْ أَوَّلاً بِإِدْخَالِيْ فِي الرَّوْضَةِ فِيْهَا تَعَلَّمْتُ التَّهَجِّيْ وَالرَّسْمَ وَحِفْظَ شَيْءٍ مِنَ الْأُنْشُوْدَاتِ وَالْمَحْفُوْظَاتِ.

میرے والد نے پہلے مجھے نرسری میں داخلہ دلایا، اس میں میں نے حروف تہجی اور لکھائی سیکھی اور بعض نظم یاد کیے۔

أَنَا أُفَضِّلُ الْكُتَّابَ عَلَى الرَّوْضَةِ.

میں مکتب کو نرسری پر ترجیح دیتا ہوں۔

قَبْلَ بَدْءِ الْعَامِ الدِّرَاسِيِّ فِي الْمَدَارِسِ الْاِبْتِدَائِيَّةِ وَالثَّانَوِيَّةِ يَقُوْمُ الطَّلَبَةُ بِشِرَاءِ الْكُتُبِ وَالْكَرَاسِيِّ وَالْأَقْلَامِ وَأَدَوَاتِ الْهَنْدَسَةِ وَالرَّسْمِ.

سیکنڈری اور پرائمری سکولوں میں درسی سال شروع ہونے سے پہلے طلباء کتابیں، کاپیاں، قلم اور ریاضی اور لکھائی کا سامان خریدتے ہیں۔

عَمَلُ التَّلَامِيْذِ فِي الْمَدَارِسِ الْعَصْرِيَّةِ حَمْلُ الْحَقَائِبِ عَلٰى أَكْتَافِهِمْ وَفِيْهَا جَمِيْعُ اللَّوَازِمِ الدِّرَاسِيَّةِ.

سکولوں میں بچوں کا کام یہ ہے کہ بستے کندھوں پر اُٹھاتے رہیں اور اس میں سب درسی ضروریات ہوتی ہیں۔

فِيْ زَمَانِنَا الْحَاضِرِ الْحُكُوْمَةُ لَا تُقِرُّ بِشَهَادَةٍ إِلَّا بِشَهَادَاتِ الْمَدَارِسِ الْعَصْرِيَّةِ.

ہمارے موجودہ زمانے میں حکومت صرف سکولوں کے اسناد کو قبول کرتی ہے۔

فِيْ بَعْضِ الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ تُقْبَلُ الشَّهَادَاتُ الَّتِيْ لَهَا صِلَةٌ بِالْمَدَارِسِ الشَّرْعِيَّةِ.

بعض اسلامی ممالک میں وہ اسناد قبول کیے جاتے ہیں، جن کا دینی مدارس سے کچھ تعلق ہوتا ہے۔

اَلْمَدَارِسُ الشَّرْعِيَّةُ التَّابِعَةُ لِلْحُكُوْمَةِ مَقْبُوْلَةٌ لَدَى الْجَمِيْعِ.

حکومت کے ماتحت مدارس سب کے نزدیک مقبول ہیں۔

اَلْعُطْلَةُ السَّنَوِيَّةُ فِي الْمَدَارِسِ الْعَصْرِيَّةِ تَكُوْنُ فِيْ أَشْهُرِ فَصْلِ الصَّيْفِ فَصْلِ الْحَرَارَةِ.

سکولوں میں سالانہ چھٹی موسم گرما میں ہوتی ہے۔

تَبْدَءُ عُطْلَةُ الْمَدَارِسِ الْعَصْرِيَّةِ مِنْ شَهْرِ يُوْنِيُوْ وَتَسْتَمِرُّ إِلٰى شَهْرِ أَغُسْطُسْ.

سکولوں کی چھٹی جون کے مہینے سے شروع ہوتی ہے اور اگست تک جاری رہتی ہے۔

فِيْ أَوَائِلِ شَهْرِ سِبْتَمْبَرْ تَبْدَءُ التَّرْسِيْمَاتُ فِي الْمَدَارِسِ الْإِبْتِدَائِيَّةِ وَالثَّانَوِيَّةِ.

ماہِ ستمبر کے شروع میں پرائمری و سیکنڈری سکول کے داخلے شروع ہوتے ہیں۔

يَوْمُ الْأَحَدِ تَكُوْنُ الْعُطْلَةُ الْأُسْبُوْعِيَّةَ لِلْمَدَارِسِ الْعَصْرِيَّةِ.

اتوار کے دن سکولوں کی ہفتہ وار چھٹی ہوتی ہے۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي الْكُلِّيَّةِ

افعال	مصدر	باب	معانی
درس	درسا	ن	پڑھنا
رسَّم	ترسيما	تفعيل	اندراج کرنا/داخلہ لینا
تتخصص	تخصصا	تفعل	تخصص کرنا
ظن	ظنا	ن	گمان کرنا
نجحت	نجاحا	ف	پاس ہونا
أحصل	حصولا	ن	حاصل کرنا/ہونا
أتخرج	تخرجا	تفعل	فارغ التحصیل ہونا
استخدم	استخداما	استفعال	استعمال کرنا
اختلط	اختلاطا	افتعال	ملنا/گڈمڈ ہونا

حِوَارٌ فِي الْكُلِّيَّةِ

کالج میں گفتگو

مَرْحَباً بِأَخِي الْعَزِيْزِ صَبَاحَ النُّوْرِ.
محترم بھائی کو خوش آمدید صبح بخیر۔

وَمَرْحَباً بِکَ صَبَاحَ الْبَرَکَةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.
اور آپ کو بھی خوش آمدید صبح بخیر۔

مَاذَا دِرَاسَتُکَ فِي الْكُلِّيَّةِ؟
کالج میں آپ کیا پڑھتے ہو؟

رَسَّمْتُ نَفْسِيْ فِيْ أُصُوْلِ الدِّيْنِ.
میں نے شعبہ اصولِ دین میں اپنا اندراج کیا ہے۔

هَلْ تُرِيْدُ شَهَادَةَ الْجَامِعَةِ (الْمَاجِسْتَرْ) فِيْ أُصُوْلِ الدِّيْنِ؟
کیا آپ ایم اے اصول الدین میں کرنا چاہتے ہو؟

نَعَمْ يَا حَبِيْبِيْ وَكَذٰلِکَ شَهَادَةُ الدُّكْتُوْرَاةِ فِيْ أُصُوْلِ الدِّيْنِ.
جی پیارے اسی طرح پی ایچ ڈی بھی اصول الدین میں کرنے کا ارادہ ہے۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ الْكُلِّيَّةِ

کالج سے متعلق تعبیرات

أَتُرِيْدُ أَنْ تَدْخُلَ فِي التَّخَصُّصِ فِي الْهَنْدَسَةِ؟
کیا آپ انجینئرنگ تخصص میں داخلہ لینا چاہتے ہو؟

هَلْ تَدْرُسُ الْهَنْدَسَةَ حَتّٰى تَصِيْرَ مُهَنْدِساً مِعْمَارِياً؟
کیا آپ انجینئرنگ پڑھ رہے ہو، تاکہ عماراتی انجینئر بن جاؤ؟

مَا هُوَ تَخَصُّصُکَ فِي الطِّبِّ أَوْ فِي الصَّيْدَلِيَّةِ؟
آپ کا تخصص ڈاکٹری میں ہے یا میڈیکل میں؟

أَظُنُّکَ تُرِيْدُ أَنْ تَكُوْنَ أُسْتَاذاً فِي الْفَلْسَفَةِ؟
مجھے لگتا ہے کہ اپ فلسفہ کا استاد بننا چاہتے ہو؟

أُرِيْدُ أَنْ أَتَخَصَّصَ فِيْ دِرَاسَةِ الْهَنْدَسَةِ الزِّرَاعِيَّةِ.

میں زرعی انجینئرنگ میں تخصص کرنا چاہتا ہوں۔

بِفَضْلِ اللّٰهِ نَجَحْتُ بِامْتِيَازٍ فِي الثَّانَوِيَّةِ وَالْآنَ أُرِيْدُ الْإِلْتِحَاقَ فِيْ دِرَاسَةِ الطِّبِّ.

اللہ کے فضل سے میں میٹرک میں ممتاز نمبروں سے پاس ہوگیا، اب میں ڈاکٹری میں داخلہ لوں گا۔

أُرِيْدُ أَنْ أَحْصُلَ عَلٰى دُكْتُوْرَاهٍ فِي الصَّيْدَلِيَّةِ.

میں میڈیکل میں پی ایچ ڈی کرنا چاہتا ہوں۔

أَعْشِقُ الْعُلُوْمَ الْمُتَخَصِّصَةَ فِي الْجَرَاحَةِ وَالتَّشْرِيْحِ لِذٰلِكَ سَأَتَخَصَّصُ فِيْهَا حَتّٰى أَتَخَرَّجَ جَرَّاحاً فِيْ مُسْتَشْفىً مَا.

مجھے آپریشن اور پوسٹ مارٹم میں اسپیشلسٹ بننے کا بڑا شوق ہے، اس لئے میں یہ پڑھوں گا تاکہ کسی ہسپتال میں آپریشن سرجن لگ جاؤں۔

جَامِعَتُنَا هٰذِهِ فِيْهَا كُلُّ التَّخَصُّصَاتِ فَأَيُّهَا تُرِيْدُ؟

ہماری اس یونیورسٹی میں سب تخصصات ہیں آپ کو کونسا چاہیے؟

كُلِّيَّتُنَا فِيْهَا كَذٰلِكَ التَّخَصُّصُ فِيْ دِرَاسَةِ اللُّغَاتِ الْأَجْنَبِيَّةِ.

اسی طرح ہماری یونیورسٹی میں بھی دوسری زبانیں سیکھنے کا تخصص ہے۔

أُرِيْدُ أَنْ أَعْمَلَ دَلِيْلاً لِلسَّيَاحِ لِذٰلِكَ سَأَبْذُلُ جُهْدِيْ فِيْ دِرَاسَةِ اللُّغَاتِ الْأَجْنَبِيَّةِ وَبِالْأَخَصِّ اللُّغَةُ الْإِنْجِلِيْزِيَّةُ.

میں سیاحین کیلئے رہبر کے طور پر کام کرنا چاہتا ہوں، اسی وجہ سے میں نئی زبانیں سیکھنے میں بھرپور کوشش کرتا ہوں، اور خاص طور پر انگریزی۔

أَنَا أَتَخَصَّصُ فِيْ آدَابِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ أُرِيْدُ أَنْ أَكُوْنَ أُسْتَاذاً فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ بِاتْقَانٍ.

میں عربی ادب میں ماسٹر کروں گا، کیونکہ میں عربی کا ماہر استاد بننا چاہتا ہوں۔

هَلْ فِيْ هٰذِهِ الْكُلِّيَّةِ تَخَصُّصٌ فِيْ دِرَاسَةِ الْفِقْهِ الْمُقَارِنِ؟

اس کالج میں شعبہ تقابلی فقہ ہے؟

أُرِيْدُ دِرَاسَةَ تَخَصُّصِ الشَّرِيْعَةِ وَالْقَانُوْنِ فَهَلْ فِيْ هٰذِهِ الْكُلِّيَّةِ تَخَصُّصٌ مِثْلَ هٰذَا.

میں قانون پڑھنا چاہتا ہوں، کیا اس کالج میں ایسا شعبہ ہے؟

عِنْدَنَا فِي الْكُلِّيَّةِ تَخَصُّصٌ فِيْ دِرَاسَةِ أُصُوْلِ التَّفْسِيْرِ وَالْمُفَسِّرِيْنَ.

ہماری یونیورسٹی میں اصول التفسیر اور مفسرین کا تخصص ہے۔

فِي الْجَامِعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ الْعَالَمِيَّةِ بِإِسْلَام آبَاد جَمِيْعُ التَّخَصُّصَاتِ الشَّرْعِيَّةِ وَغَيْرَ شَرْعِيَّةٍ وَفِيْهَا كَثِيْرٌ مِّنَ الْعَرَبِ وَالْوَافِدِيْنَ.

اسلامک انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد میں سب شرعی اور غیر شرعی تخصصات ہیں اور اس میں بہت سے عرب اور غیر ملکی ہیں۔

مَاذَا رَأْيُكَ بَعْدَ الْإِنْتِهَاءِ مِنَ الدِّرَاسَةِ فِي الْجَامِعَةِ الشَّرْعِيَّةِ فِي التَّخَصُّصِ فِي الْإِقْتِصَادِ الْإِسْلَامِيْ؟

شرعی یونیورسٹی سے اقتصاد اسلامی میں تخصص کرنے کے بعد آپ کا کیا ارادہ ہے؟

فِي الْكُلِّيَّةِ مَقَاصِفُ مُتَعَدِّدَةٌ.

ہمارے کالج میں متعدد کینٹین ہیں۔

مَا رَأَيْتُ أَكْبَرَ مِنْ هٰذِهِ الْكُلِّيَّةِ لَقَدْ تَجَوَّلْتُ فِيْهَا بِسَيَّارَتِيْ.

میں نے اس سے بڑا کالج نہیں دیکھا ہے، میں اپنی گاڑی میں اس میں گھوما۔

فِيْ جَمِيْعِ الْكُلِّيَّاتِ دُوْرٌ يَسْكُنُ الطَّلَبَةُ بِالْأُجْرَةِ فِيْهَا.

سب کالجوں میں طلبہ کی رہائش کیلئے کرائے کے ہاسٹل ہوتے ہیں۔

جَمِيْعُ الْكُلِّيَّاتِ لَاتَقُوْمُ بِمَنْحِ الطَّلَبَةِ مُعَوِّنَاتٍ شَهْرِياً.

سارے کالجز طلبہ کو ماہانہ وظیفہ نہیں دیتے۔

تَأْخُذُ الْكُلِّيَّاتُ مِنَ الْمُتَخَصِّصِيْنَ أُجْرَةَ الْغُرْفَةِ وَكَذٰلِكَ طَعَامِ مَقْصَفِهَا.

کالجز متخصصین سے کمرے کا کرایہ اور ہوٹل کے کھانے کے پیسے لیتے ہیں۔

جَمِيْعُ الْكُلِّيَّاتِ تَكُوْنُ بِتَنْظِيْمٍ مِنْ حُكُوْمَةِ الدَّوْلَةِ.

سارے کالجز حکومتی انتظامیہ کے تحت ہوتے ہیں۔

شَهَادَاتُ الْكُلِّيَّةِ مَقْبُوْلَةٌ فِيْ جَمِيْعِ الْعَالَمِ.

کالج کی ڈگریاں پوری دنیا میں مقبول ہیں۔

فِيْ جَمِيْعِ الْكُلِّيَّاتِ مَكْتَبَاتٌ عُمُوْمِيَّةٌ وَفِيْهَا حَوَاسِب يُمْكِنُ لِكُلِّ طَالِبٍ أَنْ يَسْتَخْدِمَهُ لِإِخْرَاجِ الْمَعْلُوْمَاتِ الَّتِيْ يُرِيْدُهَا.

سب کالجوں میں جنرل لائبریریاں ہوتی ہیں اور اس میں کمپیوٹر رکھے ہوتے ہیں اور ہر طالب علم مطلوبہ معلومات نکالنے کے لئے استعمال کرتا ہے۔

أَكْثَرُ الْكُلِّيَّاتِ يَدْرُسُ فِيْهَا الْبَنُوْنَ وَالْبَنَاتُ مُخْتَلِطِيْنَ وَقَلِيْلٌ مِنْهَا مَنْ يَفْصِلُ بَيْنَ الْجِنْسَيْنِ.

اکثر کالجوں میں لڑکے اور لڑکیاں مخلوط تعلیم حاصل کرتے ہیں اور کم کالجز ان دونوں جنسوں میں فرق کرتی ہیں۔

بَعْدَ حُصُوْلِ الطَّالِبِ مِنَ الْكُلِّيَّةِ عَلٰى شَهَادَةِ التَّخَرُّجِ يُمْكِنُهُ أَنْ يَّعْمَلَ فِيْ قِطَاعٍ يَخُصُّ دِرَاسَتَهُ الَّتِيْ أَتَمَّهَا.

اسٹوڈنٹ کالج سے ڈگری حاصل کرنے کے بعد اپنی ڈگری کے متعلق شعبہ میں کام کرسکتا ہے۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي الرِّحْلَةِ الدَّعَوِيَّةِ

افعال	مصدر	باب	معانی
استعد	استعدادا	استفعال	تیاری کرنا/تیار ہونا
رحل	رحلة/ رحيلا	ف	سفر کرنا/کوچ کرنا
استمع	استماعا	افتعال	غور سے سننا
ألقٰى	القاء	افعال	ڈالنا
حاضر	محاضرة	مفاعلة	لیکچر دینا/درس دینا
أصلح	اصلاحا	افعال	درست کرنا
اعتكف	اعتكافا	افتعال	پابندی کرنا/اعتکاف کرنا
ذكر	ذكرا	ن	تذکرہ کرنا/یاد کرنا
صبر	صبرا	ض	صبر کرنا
أدار	ادارة	افعال	انتظام کرنا/چلانا
عارض	معارضة	مفاعلة	مخالفت کرنا
طعن	طعنا	ف	زخمی کرنا/طعنہ دینا
عاب	عيبا	ض	عیب نکالنا
حصل	حصولا	ن	حاصل ہونا
رتَّب	ترتيبا	تفعيل	ترتیب دینا
عيَّن	تعيينا	تفعيل	تعیین کرنا
اهتدٰى	اهتداء	افتعال	ہدایت پانا
أسلم	اسلاما	افعال	اسلام قبول کرنا
بلَّغ	تبليغا	تفعيل	تبلیغ کرنا

حِوَارٌ فِي الرَّحْلَةِ الدَّعَوِيَّةِ

دعوت وتبلیغ سے متعلق گفتگو (اللہ کے راستے میں نکلنا)

أَخِي الْعَزِيْزُ سَلَامٌ عَلَيْكَ. محترم بھائی السلام علیکم۔

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ كَيْفَ اِسْتِعْدَادُكَ؟ وعلیکم السلام آپ کی تیاری کیسی ہے؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ جَمِيْعُ أَمْتِعَتِي جَاهِزَةٌ. الحمدللہ میرا مکمل سامان تیار ہے۔

هَلْ نَمْشِي إِلَى مَرْكَزِ الدَّعْوَةِ بِسَيَّارَةِ الْأُجْرَةِ؟ کیا ٹیکسی پر تبلیغی مرکز جاتے ہیں؟

أَنَا لَا أَمْلِكُ نَفَقَةً كَافِيَةً فَلْنَذْهَبْ بِالْحَافِلَةِ؟ میرے پاس اتنی رقم نہیں، بس پہ چلتے ہیں۔

حَسَنًا فَلْنَمْشِي مَعًا بِالْحَافِلَةِ إِلَى الْمَرْكَزِ. اچھی بات ہے آیئے بس پہ تبلیغی مرکز ایک ساتھ جاتے ہیں۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ الرَّحْلَةِ الدَّعَوِيَّةِ

سفر دعوت سے متعلق تعبیرات

أَخِي الْعَزِيْزُ هَلْ أَنْتَ مُسْتَعِدٌّ لِلذَّهَابِ مَعَنَا إِلَى مَرْكَزِ الدَّعْوَةِ؟ محترم بھائی کیا آپ ہمارے ساتھ تبلیغی مرکز جانے کیلئے تیار ہو؟

هَلْ تَذْهَبُ مَعَنَا إِلَى رِحْلَةِ دَعْوَةٍ؟ کیا آپ ہمارے ساتھ تبلیغ میں جاؤ گے؟

فِي الرِّحْلَةِ الدَّعْوِيَّةِ يَتَعَلَّمُ الْمَرْءُ أُمُوْرًا طَيِّبَةً. تبلیغ میں آدمی اچھی اچھی باتیں سیکھتا ہے۔

فِي مَرْكَزِ الدَّعْوَةِ نَسْتَمِعُ لِمُحَاضَرَةٍ يُلْقِيْهَا شَيْخٌ مِنْ كِبَارِ أَهْلِ الدَّعْوَةِ. تبلیغی مرکز میں بزرگوں میں سے کسی بزرگ کا بیان سنتے ہیں۔

لَا يُحَاضِرُ عَلٰى مِنْبَرِ مَرْكَزِ الدَّعْوَةِ إِلَّا مَنْ كَانَ لَهُ قِدَمٌ فِيْ عَمَلِ الدَّعْوَةِ لِمَالَهُ مِنَ الْخِبْرَةِ.

تبلیغی مرکز میں منبر پر ہر کوئی بیان نہیں کرتا، مگر وہ جو تبلیغی کام میں پُرانا ہو تجربہ کی بنیاد پر۔

أَنَا ذَاهِبٌ فِيْ رِحْلَةٍ دَعْوِيَّةٍ لِمُدَّةِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ.

میں تبلیغ میں سہ روزہ پر جارہا ہوں۔

اَلذَّهَابُ فِي الرِّحْلَةِ الدَّعْوِيَّةِ لَيْسَ لَهَا مُدَّةٌ مُعَيَّنَةٌ يُمْكِنُكَ الذَّهَابُ أَيَّاماً تُحَدِّدُهَا أَنْتَ بِنَفْسِكَ.

تبلیغ میں جانے کیلئے کوئی مدّت متعین نہیں، دنوں کا تعیّن آپ خود کر سکتے ہو۔

فِي الرِّحْلَةِ الدَّعْوِيَّةِ نَعْمَلُ فِيْهَا عَلٰى اِصْلَاحِ أَنْفُسِنَا أَوَّلاً وَدَعْوَةِ الْآخَرِ إِلَى الْخَيْرِ ثَانِياً.

تبلیغ میں ہم پہلے اپنی اصلاح کا کام کریں گے اور بعد میں دوسروں کو خیر کی طرف دعوت دیں گے۔

اَلذَّهَابُ فِي الرِّحْلَةِ الدَّعْوِيَّةِ أَمْرٌ مُسْتَحَبٌّ وَدَعْوَةُ الْآخَرِيْنَ فَرْضٌ عَلَى الْكِفَايَةِ.

تبلیغ میں جانا ایک مستحب کام ہے اور دوسروں کو دعوت دینا فرضِ کفایہ ہے۔

جَمَاعَةُ الدَّعْوَةِ لَهَا أُصُوْلٌ سِتَّةٌ هِيَ الْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ وَالصَّلَاةُ وَالْعِلْمُ مَعَ الذِّكْرِ وَالْأَخْلَاقُ وَالْآدَابُ وَالْإِخْلَاصُ وَتَصْحِيْحُ النِّيَّةِ وَأَخِيْراً اَلدَّعْوَةُ إِلٰى شَرِيْعَةِ اللّٰهِ.

تبلیغی جماعت کے چھ نمبر ہیں: کلمہ طیبہ، نماز، علم وذکر، اخلاق و آداب واخلاص (اکرام مسلم) تصحیح نیت اور آخری دعوت وتبلیغ ہے۔

اَلرِّحْلَةُ الدَّعْوِيَّةُ فِيْ مُصْطَلَحِ جَمَاعَةِ الدَّعْوَةِ الْخُرُوْجُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكَذٰلِكَ التَّشْكِيْل.

سفرِ دعوت تبلیغیوں کی اصطلاح میں اللہ کے راستے میں نکلنا ہے اور تشکیل کرنا ہے۔

يُمْكِنُكَ الذَّهَابُ فِي الرِّحْلَةِ الدَّعْوِيَّةِ مَعَ أَهْلِ حَيِّكَ لِمُدَّةِ أَرْبَعِيْنَ يَوْماً أَوْ أَكْثَرَ.

آپ اپنے محلّہ والوں کے ساتھ چالیس دن کیلئے (ایک چلّہ) یا زیادہ مدّت کیلئے جاسکتے ہو۔

إِذْهَبْ إِلَى مَرْكَزِ الدَّعْوَةِ ثُمَّ إِلَى مَكْتَبِ تَوْزِيْعِ الْجَمَاعَاتِ وَسَجِّلِ اسْمَكَ حَتّٰى يَدْخُلُوْكَ مَعَ أَشْخَاصٍ تَمْشِيْ مَعَهُمْ إِلَى الْمَكَانِ الْمُخَصَّصِ لِإِقَامَةِ الدَّعْوَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْهِ.

تبلیغی مرکز جاؤ پھر جماعات کی تقسیم کرنے کے دفتر میں اور وہاں اپنا نام درج کراؤ تا کہ آپ کا نام ان لوگوں کے ساتھ لکھ دیں، جن کے ساتھ آپ چلے جائیں مخصوص جگہ کی طرف جہاں اسلامی دعوت قائم کی جائے۔

قَدْ تَجِدُ فِي النَّفَرِ الَّذِيْنَ مَعَكَ مَنْ لَا يُوَافِقُكَ عَلَيْكَ أَنْ تَصْبِرَ.

جو آپ کے ساتھی ہیں کبھی ان میں سے بعض آپ کی طبیعت کے موافق نہیں ہوں گے آپ کو صبر کرنا چاہیے۔

فِي الرِّحْلَةِ الدَّعَوِيَّةِ تَتَعَلَّمُ الدَّعْوَةَ وَالصَّبْرَ عَلٰى أُمُوْرٍ كَثِيْرَةٍ.

تبلیغ میں آپ دعوت کا کام اور بہت سارے کاموں پر صبر سیکھیں گے۔

عِنْدَمَا أَخْرُجُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفِّقُنِي اللّٰهُ لِلْمُوَاظَبَةِ عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالْأَذْكَارِ وَأَشْعُرُ بِنُوْرٍ فِيْ قَلْبِيْ.

جب میں تبلیغ میں جاتا ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے نماز اور اذکار پر پابندی کی توفیق عطا فرماتا ہے اور میں اپنے دل میں نور محسوس کرتا ہوں۔

يُعَيِّنُ أَهْلُ الْمَرْكَزِ الدَّعَوِيِّ أَمِيْرًا عَلٰى كُلِّ فِرْقَةٍ تَذْهَبُ إِلَى الرِّحْلَةِ الدَّعَوِيَّةِ حَتّٰى يُدَبِّرَ شُئُوْنَهُمْ.

تبلیغی مرکز والے ہر تبلیغی جماعت میں ایک امیر کی نشاندھی کرتے ہیں جو ان کا ذمہ دار ہوتا ہے تا کہ ان کے کاموں کو ترتیب دے سکے۔

كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ يُعَارِضُوْنَ جَمَاعَةَ الدَّعْوَةِ وَيَطْعَنُوْنَ فِيْهِمْ.

بہت سارے لوگ تبلیغی جماعت کی مخالفت کرتے ہیں اور اس پر طعن کرتے ہیں۔

مَنْ يَّنْظُرُ إِلٰى عُيُوْبِهِمْ وَلَا يَنْظُرُوْنَ إِلٰى عَمَلِ الدَّعْوَةِ يُعَيِّبُوْنَهُمْ.

جو لوگ ان کے عیوب کو دیکھتے ہیں اور ان کی دعوت کا کام نہیں دیکھتے، ان کی عیب جوئی کرتے ہیں۔

قَدْ يَحْصُلُ أَخْطَاءٌ فِيْ بَعْضِ أَهْلِ الدَّعْوَةِ وَالْكَمَالُ لِلّٰهِ وَحْدَهُ.

بعض تبلیغ والوں میں کوتاہیاں ہوسکتی ہیں لیکن کمال تو صرف اللہ ہی کیلئے ہے۔

عَلَى الْمَرْءِ أَنْ يَسْعٰى فِيْ اِصْلَاحِ نَفْسِهٖ وَدَعْوَةِ النَّاسِ إِلَى الْخَيْرِ وَلْيَتْرُكِ الْآخَرِيْنَ وَشَأْنَهُمْ.

آدمی کو چاہیے کہ اپنے نفس کے اصلاح کی کوشش کرے اور لوگوں کو خیر کی طرف بُلائے اور دوسروں کو اپنے کام پر چھوڑ دے۔

كَيْفَ تَرْتِيْبٌ وَنِظَامُ الطَّائِفَةِ الَّتِيْ تَذْهَبُ فِي الرِّحْلَةِ الدَّعَوِيَّةِ؟

تبلیغ میں جانے والی جماعت کی ترتیب اور نظم کیسا ہوتا ہے؟

أَوَّلاً اَلذَّهَابُ إِلَى الْمَرْكَزِ الدَّعَوِيِّ الْمَوْجُوْدِ فِي الْمَدِيْنَةِ أَوِ الْقَرْيَةِ ثُمَّ هُمْ يُعَيِّنُوْنَ لَهُمُ الْمَسْجِدَ.

پہلے تبلیغی مرکز جاتے ہیں جو شہر یا گاؤں میں ہوتا ہے پھر وہ ان کیلئے مسجد کا انتخاب رتعیّن کرتے ہیں۔

هُنَاكَ نِظَامٌ رَتَّبَهُ مَشَائِخُ الدَّعْوَةِ وَكِبَارُهُمْ.

یہ نظام دعوت کے بزرگوں اور مشائخ نے مرتب کیا ہے۔

كَيْفَ يَقُوْمُوْنَ بِالدَّعْوَةِ فِي الْمَسْجِدِ؟

مسجد میں کس طرح دعوت دیتے ہیں؟

يَقُوْمُ الْأَمِيْرُ بِمُشَاوَرَةِ رِفَاقِهِ وَيُعَيِّنُ الَّذِيْ يُحَاضِرُ بَعْدَ الْعَصْرِ قَائِماً وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ جَالِساً وَكَذٰلِكَ مَنْ يَقُوْمُ بِتَسْجِيْلِ الْأَسْمَاءِ وَيَبْعَثُ مَنْ يَقُوْمُ بِخِدْمَةِ الْجَمَاعَةِ.

امیر اپنے ساتھیوں کے ساتھ مشورہ کرتا ہے اور پھر عصر کے بعد کھڑے ہوکر بیان کرنے کے لئے ایک ساتھی کا تعیّن کرتا ہے اور ایک کا مغرب کے بعد بیٹھ کر بات کرنے کیلئے۔ اور اسی طرح نام لکھنے کیلئے ایک ساتھی مقرر کرتا ہے اور چند بھیج کر خدمت پر لگا دیتے ہیں۔

هَلْ فِيْ جَمِيْعِ الدُّوَلِ الدَّعْوَةُ فِي الْمَسَاجِدِ؟

کیا سب ممالک میں دعوت کا کام مساجد میں ہوتا ہے؟

لَا لَيْسَ فِيْ جَمِيْعِ الدُّوَلِ بَلْ فِيْ بَعْضِ الْبُلْدَانِ تَكُوْنُ الدَّعْوَةُ فِيْهَا سِراً.

نہیں! سب ممالک میں نہیں ہوتا، بلکہ بعض ممالک میں خفیہ طور پر تبلیغ کا کام ہوتا ہے۔

اَلدَّعْوَةُ إِلَى اللّٰهِ تَسْتَدْعِي الْحِكْمَةَ وَالْمَوْعِظَةَ الْحَسَنَةَ وَانْتِهَازَ الْفُرَصِ وَالْإِلْتِزَامِ بِالتَّوَاضُعِ وَالْآدَابِ وَالْأَخْلَاقِ.

تبلیغ میں حکمت، اچھا طرزِ بیان، موقع محل کو جاننا، تواضع خوش اخلاقی، یہ چیزیں بہت ضروری ہے۔

هُنَاكَ جَمَاعَاتٌ تَدْعُوْ إِلَى اللّٰهِ لَهَا مَنْهَجاً خَاصًّا وَالْكُلُّ عَلَى الْخَيْرِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

اور بھی کئی جماعتیں ایک خاص طریقہ سے دعوت الی اللہ کا کام کرتے ہیں اور سب حق پر ہیں ان شاء اللہ۔

كَثِيْرٌ مِنَ الدُّعَاةِ مِنَ الْمَمْلِكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ وَغَيْرِهَا لَيْسُوْا مِنْ جَمَاعَةِ الدَّعْوَةِ وَلٰكِنَّ دَعْوَتَهُمْ مُبَارَكَةٌ وَيَدْخُلُ عَلٰى أَيْدِيْهِمْ نَاسٌ كَثِيْرُوْنَ فِي الْإِسْلَامِ.

سعودی عرب کے بہت سارے داعی ہیں جو کہ تبلیغی نہیں، لیکن ان کی دعوت مبارک ہے ان کے ہاتھوں پر بہت سارے لوگ اسلام میں داخل ہوتے ہیں۔

اَلدَّعْوَةُ لَيْسَتْ مَحْصُوْرَةً فِيْ جَمَاعَةِ الدَّعْوَةِ وَالتَّبْلِيْغِ.

دعوت کا کام تبلیغی جماعت میں منحصر نہیں۔

كَثِيْرٌ مِنَ الْعُلَمَاءِ دُعَاةٌ وَلَمْ يَذْهَبْ إِلٰى رَحْلَةٍ دَعَوِيَّةٍ وَاحِدٌ وَاهْتَدٰى كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ عَلٰى أَيْدِيْهِمْ.

بہت سارے علماء داعی ہیں حالانکہ ان میں سے کوئی بھی تبلیغی جماعت میں نہیں گیا ہے اور ان کے ہاتھ پر بہت سارے لوگ ہدایت یافتہ ہوئے۔

بَعْضُ التَّابِعِيْنَ لِجَمَاعَةِ الدَّعْوَةِ لَا يُرِيْلُوْنَ الْعُلَمَاءَ عَلٰى خَيْرٍ مَا دَامُوْا لَمْ يَخْرُجُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَهٰذَا خَطَأٌ عَظِيْمٌ.

تبلیغ کے بعض لوگ علماء کو خیر پر نہیں سمجھتے ہیں، جب تک وہ اللہ کے رستے میں نہ نکل جائیں اور یہ بہت بڑی غلطی ہے۔

لَوْلَا الْعُلَمَاءُ لَمَا كَانَتْ جَمَاعَةُ الدَّعْوَةِ وَالتَّبْلِيْغِ.

اگر علماء نہ ہوتے تو تبلیغی جماعت نہ ہوتی۔

جَمِيْعُ الَّذِيْنَ اهْتَدُوْا عَلٰى أَيْدِيْ جَمَاعَةِ الدَّعْوَةِ وَالتَّبْلِيْغِ أُجُوْرُهُمْ تَرْجِعُ إِلَى الْعُلَمَاءِ.

جتنے لوگوں کو تبلیغی جماعت کے ذریعہ ہدایت ملی ہے ان سب کا اجر وثواب علماء کو ملتا رہے گا۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِيْ رِحْلَةٍ تَرْفِيْهِيَّةٍ

افعال	مصدر	باب	معانی
جهَّز	تجهيزا	تفعيل	تیارکرنا
أعدَّ	اعدادا	افعال	تیارکرنا
أنتظر	انتظارا	افتعال	انتظارکرنا
سبح	سباحا	ف	تیرنا
أجاد	اجادة	افعال	کسی کام کواچھے طریقے سے انجام دینا
لعب	لعبا	س	کھیلنا
طفِأَ	طفوءا	س	بجھنا
سرٰی	سرياً	ض	سرایت کرنا
التقط	التقاطا	افتعال	پکڑنا
ارتدی	ارتداء	افتعال	اوڑھنا
سجَّل	تسجيلا	تفعيل	ریکارڈکرنا
استكشف	استكشافا	استفعال	معلومات حاصل کرنا/تحقیق کرنا
سلّٰی	تسلية	تفعيل	تسلی دینا/خوش کرنا
أصاب	اصابة	افعال	پانا/پہنچنا

حِوَارٌ فِي رِحْلَةٍ تَرْفِيْهِيَّةٍ

تفریحی سفر سے متعلق گفتگو

أَخِي هَلْ أَنْتَ جَاهِزٌ؟	بھائی کیا آپ تیار ہو؟
نَعَمْ قَدْ أَعْدَدْتُ أَمْتِعَةَ الرِّحْلَةِ التَّرْفِيْهِيَّةِ.	جی ہاں میں نے تفریحی سفر کا سامان تیار کر رکھا ہے۔
هَلْ يَمْشِي مَعَنَا أَخُوْكَ؟ هَلْ أَخُوْكَ يُصَاحِبُنَا؟	کیا آپ کا بھائی ہمارے ساتھ جائے گا؟
رُبَمَا لَا يَمْشِي بِسَبَبِ مَرَضٍ أَصَابَهُ.	شاید بیماری کی وجہ سے نہ جا سکے۔
شَفَاهُ اللّٰهُ، هَيَّا بِنَا الْأَصْدِقَاءُ يَنْتَظِرُوْنَنَا.	اللہ شفایاب فرمائے۔ آیئے چلتے ہیں دوست احباب ہمارے منتظر ہیں۔
هَيَّا بِنَا.	آیئے چلتے ہیں۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ الرِّحْلَةِ التَّرْفِيْهِيَّةِ

تفریحی سفر سے متعلق تعبیرات

هَلْ ذَهَبْتَ فِي رِحْلَةٍ إِلَى الْجِبَالِ؟	کیا آپ پکنک پہ پہاڑوں میں گئے ہو؟
أَتَذْهَبُ مَعَنَا فِي رِحْلَةٍ إِلَى الْغَابَةِ؟	کیا ہمارے ساتھ پکنک پہ جنگل میں جاؤ گے؟
هَلْ تُحِبُّ الرِّحْلَاتِ التَّرْفِيْهِيَّةَ؟	کیا آپ کو تفریحی اسفار پسند ہیں؟
أُفَضِّلُ الرِّحْلَاتِ الْاِسْتِكْشَافِيَّةَ.	مجھے تحقیقی ٹور بہت پسند ہیں۔
قَدْ ذَهَبْتُ مِرَاراً إِلَى الْجِبَالِ مَعَ الْأَصْدِقَاءِ.	میں دوستوں کے ساتھ پہاڑوں میں کئی بار گیا ہوں۔
هَلْ تَحْمِلُوْنَ مَعَكُمُ الطَّعَامَ وَالْمَشْرُوْبَاتِ إِذَا ذَهَبْتُمْ إِلَى رِحْلَةٍ تَرْفِيْهِيَّةٍ؟	کیا تم لوگ تفریحی سفر میں جاتے وقت کھانا اور ڈرنکس ساتھ اُٹھاتے ہو؟
أَتَأْكُلُوْنَ الطَّعَامَ فِي الْمَكَانِ الَّذِي تُرِيْدُوْنَ التَّمَتُّعَ فِيْهِ؟	کیا کھانا اسی جگہ میں کھاتے ہو جہاں پر لطف اندوز ہوتے ہو؟

كَمْ رِحْلَةَ اِسْتِجْمَامٍ ذَهَبْتَ؟
آپ نے کتنے تفریحی سفر کیے ہیں؟

أَنَا أُحِبُّ الذَّهَابَ فِيْ رِحْلَةٍ إِلَى الْبَحْرِ حَتّٰى أَسْبَحَ كَثِيْراً.
میں پکنک میں سمندر جانا پسند کرتا ہوں تا کہ زیادہ تیراکی کروں۔

هَلْ ذَهَبْتُمْ فِيْ رِحْلَةٍ إِلَى الْبَحْرِ؟
کیا پکنک میں آپ سمندر گئے ہو؟

هَلْ تُجِيْدُ السِّبَاحَةَ فِي الْبَحْرِ؟
کیا آپ نہر میں اچھی تیراکی کر سکتے ہو؟

أَتَقْدِرُ عَلَى السِّبَاحَةِ وَالْغَوْصِ فِي الْبَحْرِ؟
کیا آپ سمندر میں تیراکی اور غوطہ زنی کر سکتے ہو؟

مَاءُ الْبَحْرِ مَالِحٌ جِداً لِذٰلِكَ لَا أُحِبُّ السِّبَاحَةَ فِيْهِ.
سمندر کا پانی بہت نمکین ہے اس وجہ سے مجھے اس میں تیراکی پسند نہیں۔

أُحِبُّ السِّبَاحَةَ وَالْغَوْصَ فِيْ مَاءِ النَّهْرِ لِأَنَّ مَاءَهُ حُلْوٌ صَالِحٌ لِلشُّرْبِ.
میں نہر کے پانی میں تیراکی اور غوطہ زنی پسند کرتا ہوں، کیونکہ نہر کا پانی میٹھا اور پینے کے قابل ہوتا ہے۔

لَقَدْ ذَهَبْنَا إِلٰى مُنْتَزَهٍ كَبِيْرٍ فِيْهِ مَسْبَحٌ كَبِيْرٌ.
ہم ایک بڑے تفریحی پارک میں گئے، جس میں بڑا سوئیمنگ پُول تھا۔

فِي الرِّحْلَاتِ التَّرْفِيْهِيَّةِ نَأْكُلُ الطَّعَامَ وَنَلْعَبُ لُعْبَةَ كُرَةِ الْمِضْرَبِ وَكُرَةِ الْقَدَمِ.
ہم تفریحی اسفار میں کھانا کھاتے ہیں اور کرکٹ اور فٹبال کھیلتے ہیں۔

مِنْ أَمْتَعِ الرِّحْلَاتِ الرِّحْلَةُ إِلَى الْغَابَاتِ وَالْجِبَالِ حَيْثُ هُنَاكَ الْأَنْهَارُ وَالْعُيُوْنُ وَالْمَنَاظِرُ الطَّبِيْعِيَّةُ الْخَلَّابَةُ.
سب سے دلچسپ ٹور جنگلوں اور پہاڑوں کا ٹور ہوتا ہے، جہاں نہر، چشمے اور قدرتی دلکش مناظر ہوتے ہیں۔

اَلرِّحْلَةُ إِلَى الْبَحْرِ مِنْ أَمْتَعِ الرِّحْلاَتِ التَّرْفِيْهِيَّةِ فَهُنَاكَ النَّسَائِمُ الْعَلِيْلَةُ وَالطُّيُوْرُ الْبَحْرِيَّةُ الْجَمِيْلَةُ وَالْأَسْمَاكُ الْبَحْرِيَّةُ وَالرِّمَالُ الذَّهَبِيَّةُ.

سمندر کا ٹور بہترین تفریحی ٹور ہوتا ہے جہاں ہلکی پھلکی ہوائیں خوبصورت سمندری پرندے، سمندری مچھلیاں اور سنہری مٹی ہوتی ہے۔

أَنَا أُجِيْدُ السِّبَاحَةَ وَالْغَوْصَ وَأَسْتَطِيْعُ أَنْ أَطْفُوَ عَلَى ظَهْرِيْ وَأَسْرِيَ فِيْ دَاخِلِ الْمَاءِ إِلَى مَسَافَةٍ طَوِيْلَةٍ.

مجھے اچھی طرح تیرنا آتا ہے اور غوطہ کھانا اور اُلٹا ہو کر کمر کے بل پانی میں دور تک چلنا۔

هَلْ تَذْهَبُ مَعَ عَائِلَتِكَ إِلَى الرِّحْلاَتِ؟

کیا آپ اپنی فیملی کے ساتھ پکنک پہ جاتے ہو؟

هَلْ تَمْشِيْ مَعَ الْأَصْدِقَاءِ إِلَى الْمُنْتَزَهَاتِ؟

کیا آپ دوستوں کے ساتھ پارکوں میں جاتے ہو؟

أَحْيَاناً أَذْهَبُ مَعَ عَائِلَتِيْ إِلَى مُنْتَزَهٍ كَبِيْرٍ.

میں کبھی اپنی فیملی کے ساتھ کسی بڑے پارک میں جاتا ہوں۔

أَذْهَبُ مَعَ أَبْنَاءِ إِخْوَتِيْ إِلَى مَدِيْنَةِ الْمَلاَهِيْ حَتَّى أُمَتِّعَهُمْ هُنَاكَ.

میں اپنے ساتھ اپنے بھتیجوں کو خوش کرنے کیلئے شغل میلہ لیکر جارہا ہوں۔

كَثِيْراً مَّا أَذْهَبُ مَعَ الْأَصْدِقَاءِ إِلَى الرِّحْلاَتِ الْبَعِيْدَةِ الْمُمْتِعَةِ.

میں اپنے دوستوں کے ساتھ پکنک پہ دُور دراز اور پُر لطف مقامات پر جاتا ہوں۔

عِنْدَمَا نَمْشِيْ إِلَى رِحْلَةٍ اِسْتِكْشَافِيَّةٍ نَأْخُذُ مَعَنَا الْخِيَامَ الْجَاهِزَةَ.

جب ہم کسی تحقیقی سفر میں جاتے ہیں تو ہم اپنے ساتھ تیار خیمے اُٹھاتے ہیں۔

اَلْمَدَارِسُ الْعَصْرِيَّةُ دَائِماً تُنَظِّمُ الرِّحْلاَتِ الْإِسْتِكْشَافِيَّةَ.

سکول ہمیشہ تحقیقی ٹور کا انتظام اور بندوبست کرتا ہے۔

هَلْ تَأْخُذُ مَعَكَ الْكُرَةَ وَالْمِضْرَبَ عِنْدَمَا تَذْهَبُ؟

کیا آپ اپنے ساتھ گیند اور بلّا اُٹھاتے ہو جب جاتے ہو؟

أَحْمِلُ دَائِماً مَعِي الْمُصَوِّرَةَ حَتّٰى أَلْتَقِطَ صُوَراً لِلْأَمَاكِنِ الْجَمِيْلَةِ وَالْمَنَاظِرِ الْخَلَّابَةِ.

میں ہمیشہ اپنے ساتھ کیمرہ لیکر جاتا ہوں، تاکہ دلکش اور دلفریب مقامات کی تصویریں کھینچوں۔

أَخُذُ مَعِي الصَّنَّادَةَ وَالشَّبَكَةَ حَتّٰى أَصْطَادَ عَدَداً مِنَ الْأَسْمَاكِ.

میں اپنے ساتھ مچھلی کا کانٹہ اور جال لیکر جاتا ہوں تاکہ مچھلی شکار کروں۔

مَعِيَ زَعَانِفُ بَلَاسْتِيْكِيَّةٌ أَرْتَدِيْهَا فِيْ رِجْلِيْ تُسَاعِدَنِيْ عَلَى السِّبَاحَةِ.

میرے پاس پلاسٹیکی فِن (Fin) ہیں، جسے میں تیراکی کے وقت پاؤں میں پہنتا ہوں۔

لَدَيَّ مِنْظَارٌ يُقَرِّبُ الْأَمَاكِنَ الْبَعِيْدَةَ

میرے پاس ایک دوربین ہے جو دور جگہوں کو قریب کرتا ہے

أَحْمِلُهُ دَائِماً مَعِيْ فِي الرِّحَلَاتِ الْمُمْتِعَةِ.

میں ہمیشہ اس کو پُرلطف ٹور پر لیکر جاتا ہوں۔

لِأَخِيْ جَوَّالٌ فِيْهِ ذَاكِرَةٌ وَاسِعَةٌ يُمْكِنُ تَسْجِيْلُ مَا يَكْفِيْ مِنْ مَقَاطِعِ الْفِيْدِيَوْ.

میرے بھائی کے پاس ایک وسیع میموری والا موبائل ہے جس میں کافی سارے ویڈیو پروگرامز ریکارڈ ہو سکتے ہیں۔

هُنَاكَ مَدَارِسُ تُعَدِّدُ رِحَلَاتٍ تَرْفِيْهِيَّةً إِلٰى خَارِجِ الْبِلَادِ لِلْفَائِزِيْنَ بِالدَّرَجَاتِ الْعَالِيَةِ.

بعض سکول اعلیٰ نمبرات سے کامیاب ہونے والوں کیلئے باہر ممالک کے ٹور کا بندوبست کرتے ہیں۔

فِي الرِّحْلَةِ الْإِسْتِكْشَافِيَّةِ أَنْشِطَةٌ مُسَلِّيَةٌ وَمُمْتِعَةٌ.

معلوماتی ٹور میں مزیدار اور دلچسپ سرگرمیاں ہوتی ہیں۔

فِي الرِّحَلَاتِ التَّرْفِيْهِيَّةِ قَلِيْلاً مَا تَحْدُثُ حَوَادِثُ وَفَاةٍ وَأَصَابَاتٍ.

تفریحی ٹور میں ہلاکتیں اور حادثات بہت کم پیش آتے ہیں۔

وَفِيْ أَيَّامِ الرَّاحَةِ وَالْعُطْلَةِ تَقَامُ الرِّحَلَاتُ الْإِسْتِكْشَافِيَّةِ وَالتَّرْفِيْهِيَّةِ.

آرام اور چھٹی کے دنوں میں تحقیقی اور تفریحی سفر ہوا کرتے ہیں۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِيْ كُرَّةِ الْقَدَمِ

افعال	مصدر	باب	معانی
أعشق	عشقا	ض	غایت درجہ شوقین ہونا
أقدر	قدرة	ض	قادر ہونا
استخدم	استخداما	استفعال	استعمال کرنا
سدِّ	تسديدا	تفعيل	سیدھی کر کے مارنا (گیند کو)
التزم	التزاما	افتعال	لازم پکڑنا/چمٹ جانا
صفَّر	تصفيرا	تفعيل	سیٹی بجانا
منح	منحا	ف	دینا، عطاء کرنا/نوازنا
هاجم	مهاجمة	مفاعلة	حملہ کرنا/حملہ آور ہونا
عرقل	عرقلة	دحرجة/ فعللة	رکاوٹ ڈالنا
رفع	رفعا	ف	اُٹھانا
تَمَادّى	تماديا	تفاعل	مسلسل لگے رہنا
ظهر	ظهورا	ف	ظاہر ہونا/نظر آنا
اعترض	اعتراضا	افتعال	اعتراض کرنا/سامنے آنا
حاصر	محاصرة/ حصارا	مفاعلة	گھیرنا/گھیرے میں لینا
مرِّر	تمريرا	تفعيل	پاس کرنا/گزارنا
دحرج	دحرجة	دحرجة/ فعللة	لُڑکانا
تحكَّم	تحكما	تفعل	قابو میں ہونا
دفع	دفعا	ف	دھکا دینا
انتهز	انتهازا	افتعال	غنیمت جاننا

حِوَارٌ فِيْ كُرَّةِ الْقَدَمِ

فٹبال سے متعلق گفتگو

صَدِيْقِي الْعَزِيْزُ عَلَيْكَ أَنْ تَحْضُرَ بَعْدَ الْعَصْرِ.

محترم دوست آپ کو عصر کے بعد آنا چاہیے۔

خَيْراً إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

خیر ہے آجاؤں گا انشاءاللہ۔

حَتّٰى تَلْعَبَ مَعَنَا كُرَّةَ الْقَدَمِ.

تاکہ ہمارے ساتھ فٹبال کھیلو۔

حَقاً تَلْعَبُوْنَ بَعْدَ الْعَصْرِ.

واقعی عصر کے بعد کھیلو گے۔

نَعَمْ عَلَيْكَ أَنْ تَرْتَدِيَ الثِّيَابَ الرِّيَاضِيَّةَ.

جی ہاں آپ کو ورزش کا لباس پہننا چاہیے۔

سَآتِيْ فَوْراً.

فوراً آؤں گا۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ كُرَّةِ الْقَدَمِ

فٹبال سے متعلق تعبیرات

هَلْ تَجِيْدُ رِيَاضَةَ كُرَّةِ الْقَدَمِ؟

کیا آپ فٹبال اچھی طرح کھیل سکتے ہو؟

هَلْ تَمْلِكُ كُرَّةً؟

کیا آپ کے پاس فٹبال ہے؟

أَنَا أُعْشِقُ كُرَّةَ الْقَدَمِ وَمُبَارَيَاتِ كُرَّةِ الْقَدَمِ.

میں فٹبال بہت پسند کرتا ہوں اور فٹبال ٹورنامنٹ/مقابلے۔

أَنَا أُجِيْدُ كُرَّةَ الْقَدَمِ بِطَرِيْقَةٍ حَسَنَةٍ.

میں فٹبال اچھی طرح کھیلتا ہوں۔

لِيْ كُرَّةٌ مِنْ أَحْسَنِ أَنْوَاعِ الْكُرَّاتِ.

میرے پاس بہت عمدہ فٹبال ہے۔

أَمْلِكُ حِذَاءَ كُرَّةِ الْقَدَمِ وَثِيَاباً كَذٰلِكَ.

میرے پاس فٹبال کے بوٹ ہیں اور وردی بھی ہے۔

أَقْدِرُ أَنْ أَلْعَبَ كُرَّةَ الْقَدَمِ حَافِياً فِيْ أَيِّ مَكَانٍ.

میں ہر جگہ فٹبال ننگے پاؤں کھیل سکتا ہوں۔

أَنَا لَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَلْعَبَ كُرَةَ الْقَدَمِ إِلَّا بِالْحِذَاءِ وَفِيْ مَلْعَبٍ خَاصٍّ بِهَا.

میں فٹبال گراؤنڈ اور بوٹ کے بغیر کھیل ہی نہیں سکتا۔

هَلْ نَبْدَأُ الْمُبَارَاةَ؟

کیا میچ شروع کرتے ہیں؟

هَلْ نَسْتَأْنِفُ اللُّعْبَةَ؟

کیا دوبارہ کھیلیں؟

أَيُّ طَرِيْقَةٍ نَسْتَخْدِمُهَا لِنَبْدَءَ اللُّعْبَةَ؟

کھیل شروع کرنے کیلئے کونسا طریقہ اختیار کرتے ہیں؟

هَلْ تَقْدِرُ عَلَى تَسْدِيْدِ الْكُرَّةِ جَيِّداً؟

کیا آپ اچھی طرح بال ہٹ کر سکتے ہو؟

كُرَّةُ الْقَدَمِ رِيَاضَةٌ شَعْبِيَّةٌ عَالَمِيَّةٌ.

فٹبال بین الاقوامی ورزش ہے۔

مَلْعَبُ كُرَّةِ الْقَدَمِ كَبِيْرٌ وَفِيْهِ عَلَامَاتٌ مَخْصُوْصَةٌ.

فٹبال گراؤنڈ بڑا ہے اور اس میں مخصوص علامات ہیں۔

لِرِيَاضَةِ كُرَّةِ الْقَدَمِ قَوَانِيْنُ لَا بُدَّ مِنْ الْتِزَامِهَا.

فٹبال ورزش کیلئے قوانین ہیں جن کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

إِذَا خَرَجَتِ الْكُرَّةُ مِنَ الْجَانِبِ الْأَيْمَنِ مِنَ الْمَلْعَبِ أَوِ الْأَيْسَرِ خَارِجَ الْخَطِّ مِنْ أَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ يُمْنَحُ الطَّرَفُ الْآخَرُ الْكُرَّةَ لِيَرْمِيَهَا بِالْيَدِ.

جب گراؤنڈ کے دائیں یا بائیں جانب باؤنڈری سے کسی ایک گروپ سے فٹبال نکل جائے، تو دوسری گروپ کو اجازت ہے کہ ہاتھ سے پھینک دے۔

إِذَا وَصَلَ الْمُهَاجِمُ مَنْطِقَةَ الْجَزَاءِ وَعَرْقَلَهُ أَحَدُ الْمُدَافِعِيْنَ يَمْنَحُهُ الْحَكَمُ ضَرْبَةَ جَزَاءٍ.

جب فارورڈ کھلاڑی پنالٹی حدود میں داخل ہو جائے اور کوئی دفاعی کھلاڑی اسے روک کر خلاف ورزی کرتا ہے تو پھر ریفری اس کو پنالٹی کی اجازت دیتا ہے۔

يَتَكَوَّنُ الْفَرِيْقُ مِنْ عَشَرَةِ لَاعِبِيْنَ وَحَارِسُ مَرْمًى.

ایک گروپ دس کھلاڑیوں اور ایک گول کیپر سے بنتا ہے۔

فِي الْفَرِيْقِ الْكُرَوِيِّ ثَلاثَةُ مُهَاجِمِيْنَ وَلاعِبُوْا وَسَطٍ وَأَرْبَعَةٌ أَوْ خَمْسَةُ مُدَافِعِيْنَ وَحَارِسُ مَرْمىً.

فٹبال ٹیم میں تین فارورڈ کھلاڑی اور سینٹر کے کھلاڑی اور 4 یا 5 بیک پر دفاع کرنے والے اور ایک گول کیپر ہوتا ہے۔

هَلْ تَقْدِرُ عَلٰى تَسْجِيْلِ هَدَفٍ فِيْ مَرْمَى الْخَصْمِ.

کیا آپ مخالف کے گول پر گول کر سکتے ہو؟

لَقَدْ سَجَّلْتُ أَهْدَافاً فِيْ مَرْمَى الْخَصْمِ.

میں نے مخالف گول پر کئی گول گئے؟

إِذَا رَأَى الْحَكَمُ مُخَالَفَةً يُعْطِيْ اِنْذَاراً لِلَّاعِبِ الْمُعَرْقِلِ وَقَدْ يَرْفَعُ عَلَيْهِ بِطَاقَةً صَفْرَاءَ.

جب ریفری کوئی خلاف ورزی دیکھتا ہے تو خلاف ورزی کرنے والے کھلاڑی کو وارننگ دیتا ہے اور کبھی اس کے خلاف پیلا کارڈ اُٹھاتا ہے۔

مَلْعَبُ كُرَةِ الْقَدَمِ مُعَشَّبٌ وَقَدْ يَكُوْنُ غَيْرَ مُعَشَّبٍ.

فٹبال گراؤنڈ سبزہ زار ہوتا ہے اور کبھی بغیر سبزہ کے بھی ہوتا ہے۔

إِذَا تَمَادَى اللَّاعِبُ فِي الْعَرْقَلَةِ الْمُخَالَفَةِ يُعْطِيْهِ الْحَكَمُ اِنْذَاراً ثَانِياً بِوَرَقَةٍ حَمْرَاءَ وَيُخْرِجُهُ مِنْ مَيْدَانِ اللُّعْبَةِ.

جب کھلاڑی مسلسل غلط طریقہ سے روکنے کی کوشش کرتا ہے تو ریفری اس کو لال کارڈ دکھا کر دوسری مرتبہ وارننگ دیتا ہے اور گراؤنڈ سے نکال دیتا ہے۔

قَدْ يُظْهِرُ اللَّاعِبُ اِعْتِرَاضَهُ عَلٰى قَرَارِ الْحَكَمِ.

کبھی کھلاڑی ریفری کے فیصلہ پر اعتراض کرتا ہے۔

لَا بُدَّ أَنْ تَعْرِفَ كَيْفَ تَقُوْمُ بِتَحْوِيْلِ الْكُرَّةِ.

آپ کو فٹبال کا گھمانا پھرانا جاننا چاہیے۔

أُرْكُلِ الْكُرَّةَ بِطَرِيْقَةٍ تَجْعَلُهَا تَنْحَرِفُ قَلِيْلاً.

اس طرح شوٹ مارنا کہ تھوڑا سا ٹیڑھا ہو۔

عَلَيْكُمْ أَنْ تَقُوْمُوْا بِالتَّغْطِيَةِ وَمُحَاصَرَةِ مُهَاجِمِي الْخَصْمِ.

آپ لوگوں کو مخالف کے فارورڈ والوں کو گھیرے میں لینا چاہیے۔

اَلتَّمْرِيْرَةُ الْعَابِرَةُ يَقُوْمُ بِهَا أَحَدُ زُمَلَائِنَا إِذَا رَأَى أَنَّنَا مُحَاصَرُوْنَ مِنْ قِبَلِ الْمُدَافِعِيْنَ.

ہمارا ایک ساتھی اُونچا شوٹ مارتا ہے، جب یہ دیکھے کہ ہم مخالفین کے گھیرے میں ہیں۔

لَا بُدَّ أَنْ تُحْسِنَ الْجَرْيَ بِالْكُرَّةِ مَعَ التَّحَكُّمِ الدَّقِيْقِ فِي الْكُرَّةِ وَدَحْرَجَتِهَا أَثْنَاءَ الْجَرْيِ.

آپ کا فٹبال لیکر دوڑنا اچھا ہونا چاہیے، ساتھ ساتھ فٹبال پر تسلّط ہو اور دوڑنے کے دوران فٹبال لڑھکتا ہو۔

إِذَا وَقَعَتْ مُخَالَفَةٌ بِقُرْبِ مَنَاطِقِ الْجَزَاءِ عَلَيْنَا أَنْ نَقُوْمَ بِجِدَارِ صَدٍّ أَوْ حَائِطِ صَدٍّ حَتّٰى نَمْنَعَ مُرُوْرَ الْكُرَّةِ إِلَى الْمَرْمٰى.

اگر پنالٹی حدود کے قریب کوئی خلاف ورزی ہو جائے تو پھر قطار یا دیوار بنا کر کھڑا ہونا چاہیے تاکہ فٹبال گول میں نہ جاسکے۔

عَلَيْنَا أَنْ نَقُوْمَ بِعَمَلِيَّةِ خُذْوَهَاتٍ وَهِيَ تَبَادُلُ التَّمْرِيْرَاتِ حَتّٰى نَفُوْزَ فِي الْمُبَارَاتِ.

ہمیں لو! دو! کا معاملہ کرنا چاہیے اور یہ آپس میں پاس کرنا ہے تاکہ ہم میچ جیت لیں۔

إِذَا خَرَجَتِ الْكُرَّةُ مِنَ الْجَانِبِ الْأَيْمَنِ أَوِ الْأَيْسَرِ مِنْ مَرْمَى الْخَصْمِ بِوَاسِطَةِ فَرِيْقِهِ تَكُوْنُ لَنَا ضَرْبَةُ زَاوِيَةٍ أَوْ رُكْنِيَّةٍ.

جب مخالف ٹیم کی وجہ سے ان کے گول کے دائیں یا بائیں جانب فٹبال گراؤنڈ سے نکل جائے تو ہمیں کارنر شوٹ مارنا ہوگا۔

يَجُوْزُ لَنَا أَنْ نَقُوْمَ بِعَمَلِيَّةِ الدَّفْعِ وَهِيَ الْإِحْتِكَاكُ الْقَانُوْنِيُّ بِالْكَتِفِ حَتّٰى نَحْصُلَ عَلَى الْكُرَّةِ مِنَ الْخَصْمِ.

ہمیں دھکے کا معاملہ کرنا چاہیے اور وہ کندھے کے ساتھ قانوناً رگڑنا ہے، تاکہ مخالف کھلاڑی سے فٹبال حاصل کرسکیں۔

عِنْدَمَا يُصَفِّرُ الْحَكَمُ تُصْبَحُ الْكُرَّةُ مَوْقُوْفَةً وَبِهَا يَنْتَهِي الشَّوْطُ الْأَوَّلُ لِلْمُبَارَاةِ.

جب ریفری سیٹی بجاتا ہے تو فٹبال روک لیا جاتا ہے اور اسی پر میچ کا پہلا ہاف ختم ہو جاتا ہے۔

مُلَازَمَةُ الْخَصْمِ مُهِمَّةٌ حَتّٰى لَا تَصِلَ لَهُ الْكُرَّةُ فَيُسَجِّلُ عَلَيْنَا هَدَفاً.

مخالف کھلاڑی کے ساتھ رہنا ضروری ہے تا کہ اس تک فٹبال نہ پہنچے ورنہ ہمیں گول دے گا۔

لَا بُدَّ أَنْ تَمْنَعَ مُهَاجِمَ الْخَصْمِ مِنَ الْوُصُوْلِ إِلٰى مَنْطَقِهِ الْمَرْمٰى.

آپ پر ضروری ہے کہ مخالف فارورڈ کھلاڑی کو گول کے حدود میں پہنچنے سے روکو۔

كَيْفَ شَكْلُ مَلْعَبِ كُرَّةِ الْقَدَمِ؟

فٹبال گراؤنڈ کس طرح ہوتا ہے؟

شَكْلُهُ مُسْتَطِيْلٌ وَخُطُوْطٌ مُسْتَقِيْمَةٌ وَدَائِرَةٌ فِيْ وَسْطِهِ تَبْدَأُ مِنْهَا نُقْطَةُ اللُّعْبَةِ.

وہ مستطیل شکل کا ہے اور سیدھی لائنیں ہیں اور ایک گول دائرہ ہے گراؤنڈ کے بیچ میں جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔

فِيْ كُرَّةِ الْقَدَمِ لَا بُدَّ مِنْ كَثْرَةِ التَّمْرِيْرَاتِ وَانْتِهَازِ الْفُرَصِ السَّانِحَةِ لِتَسْجِيْلِ الْهَدَفِ.

فٹبال میں ایک دوسرے کو پاس دینا اور گول کے چانس سے فائدہ اُٹھانا بہت ضروری ہوتا ہے۔

يَا أَخِيْ عَلَيْكَ أَنْ تُمَرِّرَ الْكُرَّةَ لِأَعْضَاءِ فَرِيْقِكَ.

بھائی آپ اپنے ساتھیوں کو پاس دیا کرو۔

مُبَارَاةُ كُرَّةِ الْقَدَمِ تَكُوْنُ فِيْ تِسْعِيْنَ دَقِيْقَةً، اَلشَّوْطُ الْأَوَّلُ خَمْسٌ وَأَرْبَعُوْنَ دَقِيْقَةً وَكَذٰلِكَ الشَّوْطُ الثَّانِيْ.

فٹبال میچ 90 منٹ ہوتا ہے پہلا ہاف 45 منٹ کا ہوتا ہے اور اسی طرح دوسرا ہاف بھی۔

فِيْ حَالِ التَّعَادُلِ السَّلْبِيِّ تُزَادُ أَوْقَاتٌ إِضَافِيَّةٌ، فَإِذَا انْتَهَتِ الْمُبَارَاةُ وَأَبْقَى التَّعَادُلُ يَقُوْمُ الْفَرِيْقَانِ بِرَكَلَاتِ الْجَزَاءِ.

برابری کی صورت میں زائد وقت دیا جاتا ہے جب میچ ختم ہو جائے اور برابری باقی ہو تو دونوں ٹیمیں پنالٹی مارتے ہیں۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي الْكِرِيْكِيْتِ

افعال	مصدر	باب	معانی
شاهد	مشاهدة	مفاعلة	دیکھنا/مشاہدہ کرنا/تماشہ دیکھنا
استمتع	استمتاع	استفعال	فائدہ حاصل کرنا/مزہ لینا
تتكوَّن	تكوّنا	تفعل	بننا
أشبه	اشباها	افعال	مشابہت رکھنا
ضرب	ضربا	ض	مارنا
نافس	منافسة	مفاعلة	ایک دوسرے سے آگے بڑھنا
حاول	محاولة	مفاعلة	کوشش کرنا
عزل	عزلا	ض	برطرف کرنا
حدَّ	حدا	ن	لکیر کھینچنا/حدود متعین کرنا
فاز	فوزا۔مفازة	ن	کامیاب ہونا
خسر	خسارة	س	نقصان اُٹھانا
تعادل	تعادلا	تفاعل	برابر ہونا
رمٰى	رميا	ض	پھینکنا/بالنگ کرنا
جرٰى	جريا	ض	دوڑنا
جمَّع	تجميعا	تفعيل	جمع کرنا/کپڑے سمیٹنا
احترف	احترافا	افتعال	پیشہ اختیار کرنا
بدَّل	تبديلا	تفعيل	تبدیل کرنا
لقِف	لقفا	س	کیچ پکڑنا
عاد	عودا۔عودة	ن	لوٹنا
يستبعد	استبعادا	استفعال	دور سمجھنا/دور ہونا
استدار	استدارة	استفعال	گھومنا

حِوَارٌ فِي الْكِرِيْكِيْتُ (كُرَّةُ الْمِضْرَبِ)

کرکٹ سے متعلق گفتگو

هَلْ شَاهَدْتَ الْيَوْمَ مُبَارَاةَ كُرَّةِ الْمِضْرَبِ؟

کیا آج آپ نے کرکٹ میچ دیکھا؟

نَعَمْ شَاهَدْتُ وَاسْتَمْتَعْتُ بِالْمُشَاهَدَةِ.

جی ہاں دیکھ کر بہت مزہ آیا۔

أَظُنُّكَ تُفَضِّلُ هٰذِهِ الرِّيَاضَةَ؟

مجھے لگتا ہے اس ورزش کا آپ کو بہت شوق ہے۔

نَعَمْ أَنَا أُحِبُّ رِيَاضَةَ الْكِرِيْكِيْتِ.

جی ہاں مجھے کرکٹ بہت پسند ہے۔

فَهِيَ لُعْبَتِيَ الْمُفَضَّلَةُ وَأَنْتَ هَلْ تُفَضِّلُهَا؟

یہ میرا پسندیدہ کھیل ہے اور کیا آپ پسند کرتے ہو؟

نَعَمْ أَنَا أَلْعَبُهَا يَوْمِياً بَعْدَ الْعَصْرِ.

جی ہاں میں روزانہ عصر کے بعد کھیلتا ہوں۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ كُرَّةِ الْمِضْرَبِ (الْكِرِيْكِيْتُ)

کرکٹ سے متعلق تعبیرات

هَلْ عِنْدَكَ فِكْرَةٌ كَيْفَ تُلْعَبُ كُرَّةُ الْمِضْرَبِ؟

کیا آپ کو پتہ ہے کرکٹ کیسے کھیلا جاتا ہے؟

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَتَكَوَّنُ هٰذِهِ اللُّعْبَةِ؟

اس میں کیا کیا ہوتا ہے؟

هَلْ هِيَ تَشْبَهُ كُرَّةَ الْقَدَمِ؟

کیا یہ فٹبال کی طرح ہے؟

تَتَكَوَّنُ كُرَّةُ الْكِرِيْكِيْتِ مِنْ مِضْرَبٍ وَكُرَّةٍ مِنَ الْجِلْدِ الصَّلْبِ.

اس میں بلا اور سخت قسم کے چمڑے کی گیند ہوتی ہے۔

لِمَاذَا كُرَّةُ الْمِضْرَبِ صَلْبَةٌ؟

کرکٹ بال سخت کیوں ہوتا ہے؟

كُرَةُ الْمِضْرَبِ صَلْبَةٌ لِيُمْكِنَ تَسْلِيْمُهَا بِسُرْعَةٍ أَكْثَرَ.

کرکٹ بال سخت اس لئے ہوتا ہے تا کہ تیز پھینکا جا سکے۔

كَيْفَ يَكُوْنُ شَكْلُ مَيْدَانِ اللَّعْبَةِ لِكُرَةِ الْمِضْرَبِ؟

کرکٹ کھیل کے میدان کی شکل کس طرح ہوتی ہے؟

مِنْ كَمْ لَاعِبٍ يَتَكَوَّنُ فَرِيْقُ الْكَرِيْكِيْتِ؟

کرکٹ ٹیم کتنے کھلاڑیوں سے بنتی ہے؟

مَيْدَانُ كُرَةِ الْمِضْرَبِ مُسْتَدِيْرُ الشَّكْلِ وَيَخْتَلِفُ عَامًا عَنْ مَيْدَانِ كُرَةِ الْقَدَمِ.

کرکٹ گراؤنڈ گول شکل کا ہوتا ہے اور فٹبال گراؤنڈ سے یکسر مختلف ہوتا ہے۔

اَلْمُبَارَاةُ عِبَارَةٌ عَنْ مُنَافَسَةٍ بَيْنَ فَرِيْقَيْنِ.

میچ دو ٹیموں کے درمیان مقابلے کا نام ہے۔

يَتَكَوَّنُ الْفَرِيْقُ مِنْ أَحَدَ عَشَرَ لَاعِبًا.

ایک ٹیم 11 کھلاڑیوں سے بنتی ہے۔

يَكُوْنُ الدَّوْرُ عَلٰى فَرِيْقٍ وَاحِدٍ فِيْ ضَرْبِ الْكُرَةِ فِيْ مُحَاوَلَةِ تَسْجِيْلِ أَكْثَرِ عَدَدٍ مُمْكِنٍ مِنَ النُّقَاطِ.

ایک ٹیم کی بیٹنگ کی باری ہوتی ہے اور زیادہ سے زیادہ رنز بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

يَكُوْنُ فَرِيْقُ الْكُرَةِ فِيْ مُحَاوَلَةٍ لِعَزْلِ الْفَرِيْقِ الْآخَرِ وَالْحَدِّ مِنْ تَسْجِيْلِ النُّقَاطِ.

اور بالنگ والی ٹیم دوسری ٹیم کو آؤٹ کرنے کی کوشش کرتی ہے اور رنز بنانے سے روکنے کی کوشش کرتی ہے۔

هَلْ فِيْ لُعْبَةِ الْكَرِيْكِيْتِ مُبَارَيَاتٌ طَوِيْلَةٌ؟

کیا کرکٹ میں طویل میچز ہوتے ہیں؟

قَدْ تَدُوْمُ مُبَارَاةُ كُرَةِ الْمِضْرَبِ إِلٰى خَمْسَةِ أَيَّامٍ.

کبھی کرکٹ میچ 5 دنوں تک جاری رہتا ہے۔

فِيْ لُعْبَةِ الْكِرِيْكِيْتِ قَوَاعِدُ مُخْتَلِفَةٌ الَّتِيْ تَحْكُمُ كَيْفِيَّةَ الْفَوْزِ وَالْخَسَارَةِ وَالتَّعَادُلِ أَوْ تُقَيِّدُ الْمُبَارَاةَ.

کرکٹ کھیل میں مختلف قوانین ہوتے ہیں جس کے تحت جیتنے ہارنے، ڈرا ہونے اور میچ بند کرنے کے فیصلے ہوتے ہیں۔

فِيْ لُعْبَةِ كُرَةِ الْمِضْرَبِ نِظَامٌ يَتَكَوَّنُ مِنْ أَهْدَافٍ وَالْمَلْعَبِ وَخُطُوْطُ الْمَلْعَبِ وَثَلَاثَةُ جَزُوْعٍ عَلٰى خَطٍّ مُسْتَقِيْمٍ تَعْلُوْهَا مَقَابِضُ.

کرکٹ کھیل میں ایک نظام ہوتا ہے جو ٹارگٹ، گراؤنڈ اور باؤنڈری اور سیدھی لکیر پر وکٹس جن کے اُوپر بیلز (Bells) ہوتے ہیں۔

فِيْ كُرَةِ الْمِضْرَبِ لَا بُدَّ مِنْ تَسْجِيْلِ أَكْثَرِ نُقَاطٍ وَعَزْلِ الْمُعَارَضَةِ مِنْ أَجْلِ الْفَوْزِ فِي الْمُبَارَاةِ.

کرکٹ میچ جیتنے کیلئے زیادہ سکور بنانا اور دوسرے کو آؤٹ کرنا ضروری ہے۔

يَقُوْمُ رَامِي الْكُرَةِ بِرَمْيِ الْكُرَةِ نَحْوَ الْجَزُوْعِ الثَّلَاثَةِ.

بالر گیند کو وکٹس کی طرف پھینکتا ہے۔

يُدَافِعُ رَجُلُ الْمِضْرَبِ أَوْ ضَارِبُ الْكُرَةِ عَنِ الْجَذُوْعِ الثَّلَاثَةِ بِمِضْرَبِهٖ سَاعِياً لِتَجْمِيْعِ النُّقَاطِ.

بیٹسمین اپنے بلّے کے ساتھ وکٹس کا دفاع کرتا ہے رنز بنانے کی کوشش کرتے ہوئے۔

وَيَتِمُّ تَسْجِيْلُ النُّقَاطِ عِنْدَمَا يَجْرِيْ عَلٰى طُوْلِ الْمَلْعَبِ بَعْدَ ضَرْبِ الْكُرَةِ بِمِضْرَبِهٖ.

بلّے کے ساتھ گیند مارنے کے بعد پچ کی لمبائی پر دوڑنے سے رنز مکمل ہوتے ہیں۔

لَوْ لَمْ يُحَاوِلْ رَجُلُ الْمِضْرَبِ فِي تَسْجِيْلَ نُقَاطٍ تَمُوْتُ الْكُرَةُ وَيَتِمُّ اِرْجَاعُهَا إِلَى الرَّامِيْ لِرَمْيِهَا مَرَّةً أُخْرٰى.

اگر بیٹسمین سکور بنانے کی کوشش نہیں کرتا، تو گیند ضائع ہو جاتی ہے اور دوبارہ بال پھینکنے کیلئے بالر کے پاس لوٹایا جاتا ہے۔

فِي الْمُبَارَاةِ الْمُحْتَرِفَةِ يُوْجَدُ خَمْسَةَ عَشَرَ شَخْصاً عَلَى الْمَلْعَبِ عِنْدَمَا تَبْدَءُ الْمُبَارَاةُ.

پیشورانہ میچوں میں گراؤنڈ میں پندرہ افراد ہوتے ہیں میچ شروع ہوتے وقت۔

أَدْوَارُ رِجَالِ ضَرْبِ الْكُرَّةِ قَابِلَةٌ لِلتَّبْدِيْلِ.

بیٹسمنوں کی باریاں تبدیل ہوسکتی ہیں۔

لَاعِبُوا الْكُرَّةِ يَكُوْنُ وَاحِدٌ مِّنْهُمُ الرَّامِيْ وَوَاحِدٌ حَارِسٌ لِلْوِكِتِ وَالتِّسْعَةُ الْآخَرُوْنَ يُمْكِنُ اِسْتِدْعَائُهُمْ لِلرَّمْيِ.

کرکٹ کے کھلاڑیوں میں سے ایک بالراور ایک کیپر اور باقی نو (۹) کو بالنگ کیلئے بلایا جاسکتا ہے۔

هُنَاكَ أَرْبَعَةُ خُطُوْطِ مَعْرُوْفَةٍ بِاسْمِ خُطُوْطِ اللُّعْبَةِ تُرْسَمُ عَلَى أَرْضِ الْمَلْعَبِ حَوْلَ مَنَاطِقِ الْجَذْوَعِ (اَلْوِكِت) لِتَحْدِيْدِ "أَرْضٍ آمِنَةٍ" لِرَجُلِ الْمِضْرَبِ وَتَحْدِيْدِ الْحَدِّ الْأَقْصَرِ لِرَامِي الْكُرَّةِ.

چار لکیریں ہیں جو کہ کریس (Crees) کے نام سے مشہور ہیں جو پچ پر کھینچی جاتی ہیں وکٹس کے حدود میں کریس معلوم کرنے کیلئے، بیٹسمین اور بالر کے لئے آخری حد معلوم کرنے کیلئے۔

لَا بُدَّ عَلَى رَامِي الْكُرَّةِ أَنْ يَتَّبِعَ الْقَوَاعِدَ فِيْ رَمْيِ الْكُرَّةِ لَوْ كَسَرَ الْقَوَاعِدَ يُنَادِي الْحَكَمُ "لَاكُرَّةَ".

بالر کو چاہیے کہ قواعد کی پابندی کرے اگر قوانین توڑتا ہے تو امپائر نوبال کی آواز دیتا ہے۔

يَكُوْنُ مَلْعَبُ الْكِرِيْكِيْتِ مُعَشَّباً وَعَشَبُهُ قَصِيْرٌ.

کرکٹ گراؤنڈ سرسبز ہوتا ہے اور اس کا سبزہ چھوٹا ہوتا ہے۔

جَوْهَرُ رِيَاضَةِ كُرَةِ الْمِضْرَبِ هُوَ أَنْ يُسَلِّمَ الرَّامِيُّ الْكُرَةَ نَحْوَ رَجُلِ الْمِضْرَبِ الَّذِيْ يَكُوْنُ مُسَلَّحاً بِالْمِضْرَبِ وَهُوَ فِيْ حَالَةِ اسْتِعْدَادٍ لِضَرْبِهَا.

کرکٹ میں مین چیز یہ ہوتی ہے کہ بالر بیٹسمین کو بال کرے اور بیٹسمین بلا کے ساتھ بال مارنے کیلئے تیار ہو۔

لَا بُدَّ عَلٰى رَجُلِ الضَّرْبِ أَنْ يَّرْتَدِيَ مَلَابِساً وَاقِيَةً تَشْمُلُ وَاقِيَاتٍ قُطْنِيَّةً مُصَمَّصَةً لِحِمَايَةِ الرُّكْبَتَيْنِ وَالسَّاقَيْنِ وَخُوْذَةً لِلرَّأْسِ وَوَاقِيَاتٍ لِلْفَخِذِ وَالْأَكْتَافِ.

بیٹسمین کیلئے ضروری ہے کہ وہ حفاظتی لباس پہنے، جس میں گھٹنوں اور بنڈلیوں کی حفاظت کیلئے سخت فوم کا پیڈ ہوتا ہے، سر کیلئے ہیلمٹ، اور اسی طرح ران اور کندوں کیلئے بھی پیڈ ہوتے ہیں۔

فِيْ رِيَاضَةِ الْكِرِيْكَيْتِ نَوْبَاتٌ وَجَوْلَاتٌ كُلُّ لَاعِبٍ مِنَ الْفَرِيْقِ يَأْخُذُ دَوْرَهُ لِلضَّرْبِ.

کرکٹ میں باریاں ہوتی ہیں ہر کھلاڑی اپنی بیٹنگ کی باری کرتا ہے۔

اَلَّذِيْ لَا يَفْهَمُ رِيَاضَةَ كُرَةِ الْمِضْرَبِ لَايَسْتَطِيْعُ أَنْ يَلْعَبَهَا.

جو کرکٹ کھیل سمجھتا نہیں، وہ نہیں کھیل سکتا ہے۔

اَلْهَدَفُ الرَّئِيْسِيُّ لِلرَّامِيْ يَسْتَبْعِدُ بِهٖ رَجُلَ الْمِضْرَبِ وَيَكُوْنُ بِدَعْمٍ مِنْ نَّظِيْرِهِ الْمُسَاعِدِ الَّذِيْ يَتَلَقَّفُ الْكُرَةَ مِنْ آخِرِ الْمَلْعَبِ.

بالر کا قصل مقصد بلے باز کو آؤٹ کرنا ہوتا ہے، اور اس مقصد میں باقی کھلاڑی جو گراؤنڈ میں فیلڈنگ کرتے ہیں، اس کی مدد کرتے ہیں۔

رَامِيْ الْكُرَةِ يَرْمِي الْكُرَةَ فِيْ مَجْمُوْعَةٍ مِنْ سِتِّ شَحْنَاتٍ أَوْ سِتِّ كَرَّاتٍ.

بالر ایک آور میں چھ بال کراتا ہے / بالر چھ بالوں کا ایک آور کراتا ہے۔

وَكُلُّ مَجْمُوْعَةٍ مِنْ سِتِّ كُرَّاتٍ تُسَمَّي الْإِنْتِهَاءَ لِأَنَّ الْحَكَمَ يُنَادِيْ وَيَقُوْلُ اِنْتَهٰى.

ہر چھ بالوں کا مجموعہ (انتہا، ختم ہونا) آور کہلاتا ہے، کیونکہ امپائر آواز دیتا ہے اور کہتا ہے آور ختم ہوا۔

لَا يُمْكِنُ لِلرَّامِيْ أَنْ يَرْمِيَ سِتَّ كَرَّاتٍ مَرَّتَيْنِ.

ایک بالر مسلسل دو آور نہیں کرا سکتا۔

قَدْ يَكُوْنُ فِيْ فَرِيْقٍ وَاحِدٍ سِتَّةٌ مُتَخَصِّصُوْنَ فِي الضَّرْبِ وَخَمْسَةٌ مُتَخَصِّصُوْنَ فِي الرَّمْيِ.

کبھی ایک ٹیم میں چھ ماہر بلے باز ہوتے ہیں اور پانچ اچھے اور ماہر بالر ہوتے ہیں۔

اَللَّاعِبُ الَّذِيْ يَتَفَوَّقُ فِي الضَّرْبِ وَالرَّمْيِ يَكُوْنُ مَعْرُوْفاً بِاسْمِ الْمُسْتَدِيْرِ.

جو کھلاڑی بیٹنگ اور بالنگ دونوں میں ممتاز ہو، وہ آل راؤنڈر کے نام سے مشہور ہوتا ہے۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي الطَّبَّاخِ وَالْخَبَّازِ وَالْجَزَّارِ

افعال	مصدر	باب	معانی
طبخ	طبخا	ف	پکانا
طها	طهيا	ن	پکانا
خبز	خبزا	ض	روٹی پکانا
ذبح	ذبحا	ف	ذبح کرنا
أعدَّ	اعدادا	افعال	تیار کرنا
غسل	غسلا	ض	دھونا
صبَّ	صبا	ن	بہانا/ڈالنا
قلٰى	قليا	ض	تڑکہ لگانا/تلنا
توبل	توبلة	فعللة	مسالہ ڈالنا
نضج	نضجا	س	پک کر تیار ہونا
أضاف	اضافة	افعال	اضافہ کرنا/زیادتی کرنا
قوَّر	تقويرا	تفعيل	گول کاٹنا
حشا	حشوا	ن	بھرنا
هرَّس	تهريسا	تفعيل	کوٹنا
جاع	جوعا	ن	بھوک لگنا
رقَّق	ترقيقا	تفعيل	باریک کرنا/پتلا کرنا
سوّٰى	تسوية	تفعيل	برابر کرنا
سلخ	سلخا	ف	کھال اُتارنا
كشط	كشطا	ض	کھال اُتارنا
هرَّم	تهريما	تفعيل	گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا
وزن	وزنا۔زِنَةً	ض	تولنا
وقى	وقاية	ض	بچانا
تقتيهم	وقاية	ض	بچانا

حِوَارٌ فِي الطَّبَّاخِ وَالْخَبَّازِ وَالْجَزَّارِ

کوکر، نانبائی اور قصائی سے متعلق گفتگو

هَلْ فِيْ بَيْتِكُمْ طَبَّاخٌ خَاصٌّ يَقُوْمُ بِطَهْيِ الطَّعَامِ لَكُمْ؟

کیا تمہارے گھر میں کوئی خاص باورچی ہے جو تمہارے لئے کھانا پکائے؟

نَعَمْ لَدَيْنَا طَبَّاخٌ مَاهِرٌ.

جی ہاں ہمارے پاس ماہر کوکر ہے۔

وَهَلْ يُوْجَدُ عِنْدَكُمْ خَبَّازٌ؟

کیا تمہارے پاس نانبائی ہے؟

لَا بَلْ نَشْتَرِي الْخُبْزَ مِنَ الْمَخْبَزَةِ.

نہیں ہم بھٹی سے روٹی خریدتے ہیں۔

وَهَلْ تَسْتَدْعُوْنَ الْجَزَّارَ فِيْ عِيْدِ الْأَضْحٰى؟

کیا آپ عید الاضحیٰ میں قصائی بلاتے ہو؟

نَعَمْ يَحْضُرُ لَدَيْنَا جَزَّارٌ يَقُوْمُ بِذَبْحِ الْبَقَرِ وَالشِّيَاهِ وَسَلْخِهَا.

جی ہاں ہمارے پاس قصائی آتا ہے اور بکریاں اور گائے ذبح کرتا ہے اور کھال اُتارتا ہے۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ الطَّبَّاخِ وَالْخَبَّازِ وَالْجَزَّارِ

کوکر، نانبائی اور قصائی سے متعلق تعبیرات

كَيْفَ يَقُوْمُ الطَّبَّاخُ بِإِعْدَادِ الْمَرَقِ؟

باورچی سالن/شوربا/کڑی کیسے تیار کرتا ہے؟

مَا هِيَ الْأَدَوَاتُ وَالْأَوَانِي الَّتِيْ يَسْتَعْمِلُهَا الطَّبَّاخُ؟

وہ کون سے برتن اور سامان ہیں، جسے کوکر استعمال کرتا ہے؟

مَاذَا يَلْبَسُ الطَّبَّاخُ عِنْدَ عَمَلِهِ فِي الطَّهْيِ؟

پکاتے وقت کوکر کیا پہنتا ہے؟

يَقُوْمُ الطَّبَّاخُ بِغَسْلِ الْخُضَارِ وَقَشْرِهَا أَوَّلاً ثُمَّ يَشْرَعُ فِيْ قَطْعِ الطَّمَاطِمِ وَالْبَصَلِ إِرْباً إِرْباً وَيَصُبُّ الزَّيْتَ فِي الطَّاهِيَةِ وَيَرْمِيْ فِيْهِ الْبَصَلَ وَالطَّمَاطِمَ.

کوکر پہلے پہل سبزی دھوتا ہے اور اس کا چھلکا اتارتا ہے پھر ٹماٹر اور پیاز باریک کاٹنا شروع کرتا ہے اور دیگ میں تیل ڈالتا ہے اور اس میں پیاز اور ٹماٹر ڈال دیتا ہے۔

عِنْدَ قَلْيِ الْبَصَلِ وَالثُّوْمِ يَضَعُ الطَّبَّاخُ الطَّمَاطَمَ الْمُقَطَّعَةَ.

لہسن اور پیاز بھننے کے بعد کٹے ہوئے ٹماٹر ڈالتا ہے۔

ثُمَّ يَتَوَبَّلُ الْمَرَقَ بِالْبَهَارَاتِ الْمُنَاسَبَةِ.

پھر سالن میں مناسب مسالہ، مرچ ڈالتا ہے۔

بَعْدَ اِقْتِرَابِ نَضْجِ الْمَرَقِ يَضَعُ الطَّبَّاخُ اللَّحْمَ وَيُضِيْفُ إِلَيْهِ قِطَعَ الْبَطَاطَا.

جب شوربا پکنے لگتا ہے تو کوکر اس میں گوشت اور آلو کے ٹکڑے ڈالتا ہے۔

إِذَا أَرَادَ الطَّبَّاخُ صُنْعَ الْبَاذِنْجَانِ الْمَحْشُوِّ أَوِ الْبَطَاطَا يَقُوْمُ بِتَقْوِيْرِهِ قَبْلَ حَشْوِهِ بِاللَّحْمِ وَالْمَعْدَنُوْسِ.

باورچی جب گوشت سے بھرے بینگن یا آلو پکاتا ہے تو اس میں گوشت اور دھنیا بھرنے سے پہلے اس کو گول کاٹتا ہے۔

يُهَرِّسُ الطَّبَّاخُ الثُّوْمَ وَالزَّنْجَبِيْلَ فِي الْمِهْرَاسِ.

باورچی لہسن اور ادرک کھرل میں کوٹتا ہے۔

إِذَا أَرَادَ الطَّبَّاخُ الْإِسْرَاعَ فِيْ طَهْيِ طَعَامٍ مَا يَسْتَعْمِلُ الْمُخَلَّطَ وَالطَّاهِيَةَ.

جب کوکر کسی چیز کو جلد پکانا چاہتا ہے تو وہ کوکر (برمق) استعمال کرتا ہے۔

وَهِيَ قِدْرٌ كَاتِمَةٍ يَنْضَجُ الطَّعَامُ فِيْهَا بِسُرْعَةٍ فَائِقَةٍ.

یہ وہ ڈھکی ہوئی دیگچی ہے جس میں انتہائی جلدی کھانا پکتا ہے۔

يَقْلِي الطَّبَّاخُ الْبَطَاطَا فِيْ مِقْلَاةٍ عَمِيْقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُ قِطَعَهَا بِالْمِقْشَةِ فِيْ ثِدَامٍ لِتَقْطِيْرِ مِنَ الزَّيْتِ.

باورچی آلو کو گہری کڑاہی میں بھنتا ہے، پھر اس کو چھلنی پر رکھتا ہے تاکہ اس سے تیل ٹپک جائے۔

يَسْتَعْمِلُ الطَّبَّاخُ سِكِّيْنًا طَوِيْلًا مُسْتَطِيْلَ الشَّكْلِ وَمِقْطَعًا خَشَبِيًّا عِنْدَ قَطْعِ الطَّمَاطِمِ وَالْبَصَلِ وَالْبَطَاطَا وَالْفِلْفِلِ.

باورچی پیاز، آلو، ٹماٹر اور مرچ کاٹنے کیلئے مستطیل شکل کی لمبی چھری اور لکڑی کا چاقو استعمال کرتا ہے۔

يَسْتَعْمِلُ الطَّبَّاخُ الطَّنْجَرَةَ الْكَهْرُبَائِيَّةَ فِيْ طَهْيِ الْأَرُزِّ بِسُرْعَةٍ وَعِنْدَ طَبْخِ الْكَبْسَةِ يَسْتَعْمِلُ الْقِدْرَ الْكَاتِمَةَ.

باورچی جلدی چاول پکانے کیلئے بجلی کا پتیلا اور بریانی بناتے وقت کوکر استعمال کرتا ہے۔

لِلْخَبَّازِ صَاجٌ وَهُوَ طَبَقٌ مِنَ الْحَدِيْدِ مُقَعَّرٌ يُخْبَزُ عَلٰى مِحْدَ بِهٖ فَوْقَ النَّارِ.

باورچی کے پاس لوہے کا بڑا توا ہوتا ہے اس کو چھولے پر رکھ کر اس پر روٹی پکاتا ہے۔

يَنْضَجُ الْخَبَّازُ قِطَعَ الْخُبْزِ فِي التَّنُّوْرِ وَهُوَ تَجْوِيْفَةٌ مِّنْ فَخَّارٍ أَوْ مِنْ حَدِيْدٍ.

باورچی روٹی تنور میں پکاتا ہے تنور ٹھیکری یا لوہے کا ایک زمین دوز گھڑا ہوتا ہے۔

عِنْدَمَا أَرَى الطَّبَّاخَ وَهُوَ يَقُوْمُ بِإِعْدَادِ الطَّعَامِ يَسِيْلُ لُعَابِيْ شَوْقًا لِمَا سَآكُلُ.

جب میں باورچی کو کھانا تیار کرتے ہوئے دیکھتا ہوں تو میرے منہ میں پانی بھر آتا ہے کھانے کیلئے۔

عِنْدَمَا تُزَقْزِقُ عَصَافِيْرُ بَطْنِيْ جُوْعاً أَذْهَبُ إِلَى الْمَخْبَزَةِ وَأَشْتَرِيْ رَغِيْفاً غَلِيْظاً لِأَسُدَّ بِهٖ جُوْعِيْ.

جب میرے پیٹ میں چوہے دوڑنے لگتے ہیں تو میں تنور جا کر ایک چپاتی خریدتا ہوں تا کہ اپنی بھوک مٹاؤں۔

يَطْبَخُ الْخَبَّازُ أَنْوَاعاً مِنَ الْخُبْزِ مِثْلَ الرَّقَاقِ وَهُوَ الَّذِيْ يُخْبَزُ عَلَى الصَّاجِ.

نانبائی کئی قسم کی روٹی پکاتا ہے جیسے چپاتی جو توے پر پکائی جاتی ہے۔

يَقُوْمُ الْخَبَّازُ بِتَرْقِيْقِ قِطَعِ الْعَجِيْنِ بِالْمِرْقَاقِ.

نانبائی آٹے کے پیڑوں کو بیلن سے پتلا کرتا ہے۔

يَطْبَخُ الْخَبَّازُ الْمُرَقَّقَ عَادَةً فِي التَّنُّوْرِ.

نانبائی چپاتی عام طور پر تنور میں پکاتا ہے۔

تُسَوِّي الْخَبَّازُ الرَّغِيْفَ بِالْمِسْطَحِ.

نانبائی روٹی بیلن سے بیلتا ہے۔

مِنْ أَنْوَاعِ الْخُبْزِ الَّتِيْ تُخْبَزُ فِي التَّنُّوْرِ، الْفُرْنِيَّةُ وَالطُّلْمَةُ وَهُوَ نَوْعٌ غَلِيْظٌ مِنَ الْخُبْزِ.

تنور میں پکنے والی روٹیوں میں سے فرنیہ اور طلمہ ہوتی ہے ہر ایک سخت قسم کی روٹی ہوتی ہے۔

يَطْرَحُ الْخَبَّازُ قِطَعَ الْعَجِيْنِ الْمُسَطَّعَةِ فِي الْفُرْنِ بِالْمِطْرَحَةِ.

نانبائی روٹی کو بھٹی میں گدی/ناہ گیر سے لگاتا ہے۔

يَقْطَعُ الْجَزَّارُ اللَّحْمَ عَلَى الْوَضْمِ بِالسَّاطُوْرِ اِرَباً اِرَباً.

قصائی مُڈّی پر گوشت رکھ کر چاپڑ سے کاٹ کر بوٹیاں بناتا ہے۔

لِلْجَزَّارِ سَكَاكِيْنُ لِلذَّبْحِ وَالسَّلْخِ وَالْكَشْطِ وَفَرَّامَةٌ كَهْرُبَائِيَّةٌ لِفَرْمِ اللَّحْمِ.

قصائی کے پاس ذبح کرنے اور کھال اُتارنے کے چاقو ہوتے ہیں، اور قیمہ بنانے کیلئے الیکٹرک قیمہ مشین ہوتی ہے۔

يَضَعُ الْجَزَّارُ اللَّحْمَ فِيْ بَيْتِ التَّجْمِيْدِ حَتّٰى يَبْقٰى صَالِحاً.

قصائی گوشت فریج میں رکھتا ہے تاکہ خراب نہ ہو۔

يَسْتَعْمِلُ الْجَزَّارُ (الْقَصَّابُ) الْمِجْلَخَ (الْمُشَحَّذَ ـ الْمُسِنَّ) لِشَحْذِ السَّكَاكِيْنِ وَصَقْلِهَا.

قصائی چھری تیز کرنے اور چمکانے کیلئے استعمال کرتا ہے۔

لِلْجَزَّارِيْنَ مِيْزَانٌ كَهْرُبَائِيٌّ هٰذِهِ الْأَيَّامَ لِوَزْنِ اللَّحْمِ.

قصائی کے پاس آج کل گوشت تولنے کیلئے ویٹنگ مشین ہوتی ہے۔

كُلٌّ مِنَ الطَّبَّاخِ وَالْجَزَّارِ وَالْخَبَّازِ يَلْبَسُ مِبْذَلَةً بَيْضَاءَ تُقِيْهِمُ الْأَوْسَاخَ.

نانبائی، کوکر اور قصائی میں سے ہر ایک سفید جوڑا پہنتا ہے جو ان کو گندگی سے بچاتا ہے۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِی الْبُسْتَانِی وَالْفَلَّاحِ

افعال	مصدر	باب	معانی
اهتم	اهتماما	افتعال	اہتمام کرنا
جنی	جنیا	ض	پھل کاٹنا
سوی	تسویة	تفعیل	برابر کرنا
قرض	قرضا	ض	کاٹنا
جز	جزا۔ جزازا	ن	کاٹنا
سقی	سقیا	ض	سیراب کرنا
نما	نموا	ن	بڑھنا
تحتوی	احتواء	افتعال	مشتمل ہونا
أحاط	احاطة	افعال	محیط ہونا/گھیرنا
حرث	حرثا	ن / ض	جوتنا
طور	تطویرا	تفعیل	ترقی دینا
ذرَّ	ذرا	ن	پھیلانا/چھڑکنا
نضج	نضجا	س	پکنا/تیار ہونا
حصد	حصدا	ض	کھیتی کاٹنا
تواصل	تواصلا	تفاعل	جاری رہنا
قطف	قطفا	ض	پھل/پھول توڑنا
زرع	زرعا	ف	زراعت کرنا
رعی	رعیہ ۔ رعایة	ض	چرنا/چرانا/سرپرستی کرنا

حِوَارٌ فِي الْبُسْتَانِيِّ وَالْفَلاَحِ

باغبان اور کسان سے متعلق گفتگو

أَخِي الْعَزِيْزُ مَاذَا يَعْمَلُ أَبُوْكَ؟

بھائی جان! آپ کا والد کیا کام کرتے ہیں؟

يَعْمَلُ بُسْتَانِياً فِي الْجَامِعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ.

جامعہ اسلامیہ میں باغبانی کرتا ہے۔

يُصْلِحُ حَدَائِقَهَا وَيَهْتَمُّ بِجَمَالِهَا.

اس کے باغیچے درست کرتا ہے اور اس کی خوبصورتی کا خیال رکھتا ہے۔

میرا ایک دوست تھا جس کو کسی سے لڑے بغیر چین نہیں آتا تھا ایک مرتبہ اس کے دوست نے اس کے آنکھ پر مکا مارا، جس سے اس کی آنکھ سوج گئی اور ہسپتال لے جایا گیا۔

اَلرَّجُلُ الْكَثِيْرُ الْعِرَاكِ لَا يَنْجُوْ مِنَ الْجُرُوْحِ وَالتَّوَرُّمَاتِ فِيْ جَسَدِهِ.

لڑاکو آدمی کا جسم چوٹ اور سوجن سے نہیں بچتا۔

قَدْ تُؤَدِّي الْمُقَاتَلَةُ إِلٰى حَمْلِ أَحَدِ الْمُقَاتِلِيْنَ إِلَى الْمُسْتَشْفٰى وَالْآخَرِ إِلَى السِّجْنِ.

بسا اوقات لڑائی کے نتیجہ ایک ہسپتال اور دوسرے کو جیل جانا پڑتا ہے۔

مَا عَارَكْتُ أَحَداً إِلَّا وَقُمْتُ بِدَمْغِهِ بِرَأْسِيْ.

میں نے جس سے بھی لڑائی کی اس کو سر سے ٹکر مارا۔

اَلْقِتَالُ فِي الْبَادِيَةِ يَخْتَلِفُ مِنَ الْمُدُنِ.

دیہات میں لڑائی شہر سے مختلف ہوتی ہے۔

فِي الْبَادِيَةِ يَكُوْنُ الْعِرَاكُ بِالْبَنَادِقِ وَالرَّشَّاشَاتِ وَتَحْصُلُ مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ بَيْنَ الْقَبِيْلَتَيْنِ.

دیہات میں لڑائی بندوق کلاشن کوپ سے ہوتی ہے، جس سے دونوں خاندانوں میں بڑی لڑائی جنم لیتی ہے۔

قُمْتُ بِقَتْلِ كَثِيْرٍ مِنَ النَّاسِ فِي الْبَادِيَةِ بِسَبَبِ الْخُصُوْمَةِ مَعَهُمْ.

میں نے گاؤں میں جھگڑے کی وجہ سے بہت سارے لوگوں کو قتل کیا ہے۔

نَحْنُ لَا نَعْرِفُ فِي الْبَادِيَةِ الْقِتَالَ بِالْأَيْدِيْ وَالْأَرْجُلِ بَلْ بِالسِّلَاحِ.

دیہات میں ہم ہاتھ پاؤں سے لڑنا نہیں جانتے، بلکہ اسلحہ سے لڑتے ہیں۔

كَثِيْرٌ مِنَ الشَّبَابِ يَعْرِفُوْنَ الرِّيَاضَاتِ مُخْتَلِفَةً فِي الْمُقَاتَلَةِ وَالدِّفَاعِ عَنِ النَّفْسِ.

بہت سارے نوجوان لڑائی کے مختلف گر جانتے ہیں جس سے اپنا دفاع کرتے ہیں۔

يَا أَخِيْ دَعْنِيْ سَأَحْطِمُ أَسْنَانَهُ وَأَكْسِرُ رَأْسَ هٰذَا الْمُعْجَرِفِ!!

بھائی مجھے چھوڑ دے اس متکبر کے دانت اور سر پھاڑ دوں (اکھڑی باتیں کرنے والا)

اَلْيَوْمَ أُدْخِلُكَ الْمُسْتَشْفٰى.

آج میں تجھے ہسپتال بھیج دوں گا۔

دَعُوْنِيْ أَقْتُلُهُ ضَرْباً.

چھوڑ دو مجھے، مار مار کر قتل نہ کر دوں گا۔

هَيَّا خُذِ اللُّكْمَةَ عَلٰى فَمِكَ يَا جُبَانُ.

آ جا منہ پہ مکا کھا لے بے غیرت۔

رَأْسِيْ حَدِيْدٌ أُهَشِّمُ بِهِ رَأْسَكَ وَأَنْفَكَ.

میرا سر لوہا ہے لوہا! جس سے میں تیرا سر اور ناک توڑ دوں گا۔

آه ضَرَبَنِيْ لَنْ أَدَعَهُ سَوْفَ أَخْدِشُ جِسْمَهُ خَدْشاً وَآكُلُهُ أَكْلاً.

آہ! اس نے مجھے مارا ہے، نہیں چھوڑوں گا اس کا جسم نوچ نوچ کر کھا جاؤں گا۔

دَعُوْنِيْ أُتْرُكُوْنِيْ أُجَدِّلُ هٰؤُلَاءِ وَأَقْلَعُ عُيُوْنَهُمْ إِنَّهُمْ أَزْعَجُوْنِيْ!!

چھوڑ دو مجھے کہ انہیں پچھاڑوں، ان کی آنکھیں نکال کر رکھ دوں، انہوں نے مجھے بہت تنگ کیا ہے۔

أَرْجُوْكَ لَاتَهْزَأْ بِيْ فَإِنْ فَعَلْتُ لِأُلْدِمَنَّكَ لَدْمَةً تَطِنُّ لَهَا أُذُنَاكَ سَاعَةً.

میرا مزاق مت اُڑاؤ، ورنہ ایسا تھپڑ رسید کروں گا کہ ایک گھنٹے تک تمہارے کان بجتے رہیں گے۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي الْمُسْتَشْفٰى

افعال	مصدر	باب	معانی
وصف	وصفا	ض	بیان کرنا/لکھنا
اقترب	اقترابا	افتعال	قریب ہونا
أعرف	معرفة	ض	جاننا
مرض	مرضا	س	بیمار ہونا
عالج	معالجة۔علاجا	مفاعلة	علاج کرنا
بات	بيتوتة	ض	رات گزارنا
يعود	عيادة	ن	بیمار پرسی کرنا
فحص	فحصا	ف	چیک اپ کرنا
انكسر	انكسارا	انفعال	ٹوٹنا
تعافى من	تفاعى	تفاعل	شفایاب ہونا
شفى	شفاء	ض	شفایاب ہونا
لبس	لبسا	س	پہننا

حِوَارٌ فِي الْمُسْتَشْفٰى

ہسپتال سے متعلق گفتگو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ! أَيُّهَا الطَّبِيْبُ.

السلام علیکم! ڈاکٹر صاحب۔

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ! مَاذَا حَصَلَ لِإِبْنِكَ؟

وعلیکم السلام! آپ کے بچے کو کیا ہوا ہے؟

دُكْتُوْرُ قَدْ أُصِيْبَ إِبْنِيْ بِالتُّخْمَةِ.

ڈاکٹر صاحب میرا بیٹا بدہضمی کا شکار ہے۔

لَا بَأْسَ سَأَصِفُ لَهُ الدَّوَاءَ بَعْدَ الْفُحُوْصَاتِ اللَّازِمَةِ.

کوئی مسئلہ نہیں، ٹسٹ کر کے دوائی لکھ کر دیتا ہوں۔

اِقْتَرِبْ مِنَ الطَّبِيْبِ يَابُنَيَّ.

ڈاکٹر کے قریب ہو جا، بیٹا۔

أَعْطِنِيْ يَدَكَ حَتّٰى أَعْرِفَ سُرْعَةَ دَقَّاتِ قَلْبِكَ.

اپنا ہاتھ دیجئے گا تا کہ دل کی حرکت چیک کر سکوں۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ الْمُسْتَشْفٰى

ہسپتال سے متعلق تعبیرات

هَلْ ذَهَبْتَ إِلَى الطَّبِيْبِ؟

کیا آپ ڈاکٹر کے پاس گئے ہو؟

مَاذَا أَصَابَكَ! مَرَضُ الْحُمّٰى عَلَيْكَ أَنْ تَذْهَبَ إِلٰى أَقْرَبِ عِيَادَةٍ.

کیا ہوا ہے آپ کو! بخار! آپ کو کسی قریبی ہسپتال جانا چاہیے۔

لَقَدْ ذَهَبْتُ إِلَى مُسْتَشْفَى الْمَدِيْنَة.

میں سول ہسپتال گیا ہوں۔

هَلْ سَجَّلْتَ اِسْمَكَ عِنْدَ الْمُمَرِّضَةِ لِإِدْخَالِكَ عِنْدَ الطَّبِيْبِ؟

کیا آپ نے اپنا نام نرس کے پاس لکھوایا ڈاکٹر کے پاس جانے کیلئے؟

لَا بُدَّ أَنْ يَّكُوْنَ عِنْدَكَ دَفْتَرٌ عَائِلِيٌّ تُعَالِجُ بِوَاسِطَتِهِ فِي الْمُسْتَشْفَى الْكَبِيْرِ.

آپ کے پاس ایک فیملی کارڈ ہونا چاہیے تا کہ اس کے ذریعہ کسی بڑے ہسپتال میں علاج کیا جا سکے۔

سَأَبِيْتُ فِي الْإِسْتِعْجَالِيَّةِ يَوْماً وَاحِداً.

میں ایمرجنسی وارڈ میں ایک رات گزاروں گا۔

مَا هِيَ الْإِسْتِعْجَالِيَّةُ؟

استعجالیہ کیا ہے؟

اَلْإِسْتِعْجَالِيَّةُ مُشَفًّى يَعْمَلُ فِي اللَّيْلِ أَيْضاً وَيَكُوْنُ لِلْحَالَاتِ الطَّارِئَةِ الْفُجَأَتِيَّةِ وَيَتَمَيَّزُ بِالسُّرْعَةِ فِي الْحُضُوْرِ.

استعجالیہ ایک چھوٹا شفاخانہ ہے، جس میں رات کے وقت بھی کام ہوتا ہے اور ایمرجنسی حالات کیلئے ہوتا ہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ وہ جلد پہنچ جاتے ہیں۔

وَمَا هُوَ الْمُسْتَوْصِفُ؟

اور مستوصف کیا ہے؟

اَلْمُسْتَوْصِفُ مُصِحَّةٌ صَغِيْرَةٌ تَكُوْنُ خَاصَّةً فِي الْأَرْيَافِ وَالْقُرَى الصَّغِيْرَةِ.

مستوصف ایک چھوٹا شفاخانہ ہوتا ہے، جو کہ چھوٹے گاؤں اور دیہاتوں میں ہوتا ہے۔

وَلَايَكُوْنُ فِيْهَا الْعِلَاجُ لِجَمِيْعِ الْأَمْرَاضِ.

اور اس میں جملہ امراض کا علاج نہیں ہوتا۔

اَلْعِيَادَةُ مُشَفًّى صَغِيْرٌ يَكُوْنُ فِيْهِ عِلَاجُ الْأَمْرَاضِ الْعَادِيَّةِ الْغَيْرِ الْخَطِيْرَةِ.

کلینک ایک چھوٹا شفاخانہ ہے جس میں عام غیر خطرناک اَمراض کا علاج ہوتا ہے۔

اَلْمُسْتَشْفٰى يَكُوْنُ فِيْهِ الْعِلَاجُ لِجَمِيْعِ الْأَمْرَاضِ تُقَامُ فِيْهِ الْعَمَلِيَّاتُ الْجَرَّاحِيَّةُ.

ہسپتال میں جملہ امراض کا علاج ہوتا ہے اور اس میں آپریشن بھی ہوتے ہیں۔

أَنْتَ مَرِيْضٌ بِالْعُصَابِ فَعَلَيْكَ بِمُسْتَشْفَى الْأَمْرَاضِ النَّفْسِيَّةِ.

آپ ذہنی ودماغی اضطراب کے مریض ہو آپ کو نفسیاتی ہسپتال جانا چاہیے۔

مَا هُوَ مَرَضُ الْعُصَابِ؟ هُوَ خَلَلٌ فِي السُّلُوْكِ.

ٹینشن رذہنی بیماری کیا ہے؟ وہ یہ ہے کہ بندہ کے طرز زندگی میں فرق آجاتا ہے۔

هُنَاكَ مُسْتَشْفٰى لِلْأَمْرَاضِ الْعَقْلِيَّةِ.

بعض ہسپتال ذہنی اَمراض کیلئے ہوتے ہیں۔

اَلْمَرِيْضُ بِالذُّهَانِ وَالرُّهَابِ يَدْخُلُ فِيْ مُسْتَشْفَى الْأَمْرَاضِ الْعَقْلِيَّةِ.

ذُھان اور رُھاب کے مریض عقلی اَمراض والے ہسپتال میں داخل ہوتے ہیں۔

مَرَضُ الذُّهَانِ عَقْلِيٌّ وَهُوَ اِضْطِرَابَاتٌ فِي الْعَقْلِ.

ذُھان عقلی بیماری ہوتی ہے اس سے ذہن میں بے چینی ہوتی ہے۔

مَرَضُ الرُّهَابِ هُوَ خَوْفُ مَرَضٍ مُبَالَغٌ فِيْهِ وَغَيْرُ مَعْقُوْلٍ.

رُھاب یہ انتہائی زیادہ خوفِ بیماری کا مرض ہے، جو سمجھ میں نہیں آسکتی (یعنی اس میں بندہ کو خوف لگا رہتا ہے کہ مجھے مرض لاحق نہ ہوجائے)

فِي الْمُسْتَشْفٰى عَنَابِرُ وَغُرَفٌ لِلْمَرْضٰى عَامَّةٌ وَخَاصَّةٌ لِذَوِ الْعَمَلِيَّاتِ الْجَرَّاحِيَّةِ.

ہسپتال میں مریضوں کے لئے عام کمرے اور وارڈ ہوتے ہیں اور آپریشن کیلئے خاص کمرے ہوتے ہیں۔

فِي الْمُصِحَّةِ الْكَبِيْرَةِ أَقْسَامٌ لِلْعِلَاجِ قِسْمٌ لِلْآذَانِ وَقِسْمٌ لِلْأَسْنَانِ وَالْأَمْرَاضِ الْجِلْدِيَّةِ وَالْمَفَاصِلِ وَالْحَلْقِيَّةِ وَأَمْرَاضُ الْقَلْبِ وَالْكَبِدِ وَالْعَيْنِ وَأَمْرَاضُ الْعِظَامِ.

بڑے ہسپتال میں علاج کے کئی اقسام ہیں۔ کانوں، دانت اور چمڑے کے اَمراض جوڑوں، گلے اور دل کی بیماریوں، جگر، آنکھ اور ہڈیوں کی بیماریوں کے علاج ہیں۔

لَمَّا مَرِضْتُ بِالْأَكَالِ وَالْحُكَّةِ وَالْجَرَبِ دَخَلْتُ قِسْمَ الْأَمْرَاضِ الْجِلْدِيَّةِ.

جب مجھے خارش کی بیماری لگی تو میں چمڑے کی بیماروں میں داخل ہوا۔

عِنْدَمَا أَمْرَضُ بِالْإِسْهَالِ أَوِ الْقَبْضِ وَالْإِمْسَاكِ أَذْهَبُ إِلٰى أَقْرَبِ مُسْتَوْصَفٍ فِيْ قَرْيَتِنَا.

جب مجھے پیچس (موشن) یا قبض ہوتا ہے تو ہمارے گاؤں کے قریبی شفاخانہ/ڈسپنسری میں جاتا ہوں۔

مَرِضْتُ فِيْ حَيَاتِيْ بِدَاءِ الْخُمَالِ فَذَهَبْتُ إِلَى الْمُسْتَشْفٰى فَأُدْخِلْتُ عِنْدَ طَبِيْبِ الْمَفَاصِلِ فَوَصَفَ لِي الدَّوَاءَ اللَّازِمَ.

مجھے ایک مرتبہ جوڑوں ی بیماری لاحق ہوگئی تھی تو میں ہسپتال گیا اور مجھے جوڑوں کے ڈاکٹر کے پاس داخل کیا گیا اور انہوں نے مجھے اس کے مطابق ضروری دوائی لکھ دی۔

يَقُوْمُ الطَّبِيْبُ بِقِيَاسِ ضَغْطِ الدَّمِ وَسُرْعَةِ دَقَّاتِ الْقَلْبِ وَالتَّنَفُّسِ.

ڈاکٹر بلڈ پریشر، دل کی حرکت اور سانس چیک کرتا ہے۔

يَسْتَعْمِلُ الطَّبِيْبُ الْمِسْمَعَةَ وَالْمِجَسَّةَ وَقِيَاسَ الضَّغْطِ فِيْ فُحُوْصَاتِهِ الطِّبِّيَّةِ.

ڈاکٹر چیک اپ میں اسٹیتھسکوپ، نبض دیکھنے کا آلہ، بلڈ پریشر دیکھنے کا آلہ استعمال کرتا ہے۔

لِلْعَمَلِيَّةِ الْجَرَاحِيَّةِ آلَاتٌ يَسْتَعْمِلُهَا الْجَرَّاحُوْنَ.

آپریشن کیلئے کئی آلات ہوتے ہے جس کو آپریشن سرجن استعمال کرتے ہیں۔

عِنْدَمَا انْكَسَرَتْ يَدُ أَخِيْ قُمْنَا أَوَّلاً بِأَخْذِ صُوْرَةٍ بِالْأَشِعَّةِ حَتّٰى يَرَى الطَّبِيْبُ مِقْدَارَ الْكَسْرِ فِي الْعِظَامِ وَالشُّقُوْقِ وَيُعَالِجُهُ بِجَبِيْرَةٍ مُنَاسِبَةٍ مِنَ الْجِبْسِ.

جب میرے بھائی کا ہاتھ ٹوٹ گیا تو پہلے ہم نے ایکسرا کرایا تا کہ ڈاکٹر ہڈی میں ٹوٹی اور کرک ہونے والی جگہ کی مقدار معلوم کر سکے، تا کہ اس پر چونے کا مناسب پلاستر چڑھائے۔

هُنَاكَ آلَةٌ لِتَصْوِيْرِ الْحَصَاةِ فِي الْكِلْيَةِ بِأَشِعَّةِ اللَّيْزَرِ.

لیزر شعاعوں کی مدد سے گردے میں پتھری کی تصویر کشی کا آلہ ہے۔

قَدْ يَحْتَاجُ الْمَرِيْضُ إِلٰى تَطْعِيْمٍ فَيُسْمَحُ لَهُ بِالْمَبِيْتِ فِي الْمُسْتَشْفٰى وَتُوْضَعُ لَهُ قَارُوْرَةُ تَطْعِيْمٍ وَتَغْنِيَةٍ يَمُرُّ سَائِلُهَا مِنْ خِلَالِ الْإِبْرَةِ إِلٰى دَاخِلِ جِسْمِهِ.

کبھی مریض کو ڈرپ کی ضرورت ہوتی ہے، چنانچہ اس کو ہسپتال میں داخل کیا جاتا ہے۔ اور ان کو ڈرپ چڑھایا جاتا ہے، اس کا مائع سوئی کے ذریعے سے اس کے جسم میں جارہا ہوتا ہے۔

قَدْ يَتَطَلَّبُ الْمَرَضُ عِدَّةَ حُقَنَاتٍ وَإِبَرٍ وَأَقْرَاصٍ وَكَبْسُوْلَاتٍ وَسَوَائِلَ حُلْوَةٍ وَمُرَّةٍ.

کبھی بیماری کئی انجکشن اور سوئی اور گولیاں، کیپسول اور میٹھے اور کڑوے شربت طلب کرتی ہے۔

قَدْ يَطْلُبُ الطَّبِيْبُ مِنَ الْمَرِيْضِ أَنْ يَمْكُثَ فِي الْمُصِحَّةِ أَيَّاماً لِلْمُعَالَجَةِ التَّامَّةِ.

اور مکمل علاج کیلئے ڈاکٹر مریض سے مطالبہ کرتا ہے کہ کئی دن شفاخانہ میں گزار دے۔

لَايَخْرُجُ الْمَرِيْضُ مِنَ الْمُسْتَشْفٰى حَتّٰى يُعَافٰى وَتَرْجِعَ الصِّحَّةُ الْجَيِّدَةُ إِلَيْهِ.

ہسپتال سے مریض اس وقت تک نہیں نکلتا جب تک تندرست نہ ہو اور اچھی صحت اس کی طرف لوٹے۔

هُنَاكَ أَمْرَاضٌ خَطِيْرَةٌ قَدْ لَا يُمْكِنُ الْعَيْشُ مَعَهَا مِثْلَ مَرَضِ سَرَطَانِ الدَّمِ وَسَرَطَانِ الْقَلْبِ وَالدِّمَاغِ وَالنَّزِيْفِ الدَّاخِلِيْ.

بعض امراض خطرناک ہوتے ہیں جس کے ساتھ جینا ناممکن ہوتا ہے، جیسا کہ بلڈ کینسر، دل ودماغ کا کینسر اور اندرونی جریان خون۔

فِي الْمُسْتَشْفٰى مُمَرِّضُوْنَ وَمُمَرِّضَاتٌ يَقُوْمُوْنَ بِالْعِنَايَةِ الْفَائِقَةِ بِالْمَرْضٰى يُقَدِّمُوْنَ لَهُمُ الْأَدْوِيَةَ وَالتَّطْعِيْمَاتِ وَالْحُقَنَ وَالطَّعَامَ الْخَاصَّ.

ہسپتال میں لیڈیز اور جینٹس کمپوڈر ہوتے ہیں، جو مریضوں کی اچھی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ ان کو ادویات، ڈرپ، انجکشن اور خاص کھانا پیش کرتے ہیں۔

لِزِيَارَةِ الْمَرِيْضِ وَقْتٌ خَاصٌّ وَمَحْدُوْدٌ.

مریض کی ملاقات کا خاص اور محدود وقت ہوتا ہے۔

فِيْ بَعْضِ الْمُسْتَشْفَيَاتِ لَا يُمْكِنُ أَنْ يَدْخُلَ سِوٰى شَخْصٍ وَاحِدٍ.

بعض ہسپتالوں میں ایک سے زائد آدمی داخل نہیں ہوسکتے۔

يَلْبَسُ الْأَطِبَّاءُ وَالْمُمَرِّضُوْنَ مِدْرَعَةً بَيْضَاءَ تُقِيْهِمُ الْأَوْسَاخَ عِنْدَ مُزَاوَلَةِ مِهَنِهِمْ.

ڈاکٹرز اور کمپوڈر سفید رنگ کا کوٹ پہنتے ہیں جو ان کو اپنی ڈیوٹی انجام دیتے وقت گندگی سے بچاتی ہیں۔

لِكُلِّ مُصِحَّةٍ سَيَّارَاتُ اِسْعَافٍ تَقُوْمُ بِحَمْلِ الْمَرْضٰى إِلَيْهَا بِأَكْثَرِ سُرْعَةٍ مُمْكِنَةٍ.

ہر ہسپتال کی ایمبولینس گاڑیاں ہوتی ہیں، جو مریض کو بہت جلد وہاں پہنچاتی ہیں۔

فِي الْمُسْتَشْفٰى نَقَّالَاتٌ يَحْمِلُ الْمَرْضٰى إِلٰى غُرَفِهِمْ.

ہسپتال میں مریضوں کو اپنے کمروں تک اٹھانے کیلئے سٹریچر ہوتے ہیں۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي الْمَحْكَمَةِ

افعال	مصدر	باب	معانی
أكون	كونا	ن	بننا/ہونا
حصل	حصول	ن	حاصل ہونا/کرنا
دافع	دفاعا ـ مدافعة	مفاعلة	دفاع کرنا/صفائی پیش کرنا
يحاكم	محاكمة	مفاعلة	فیصلہ کرنا
قضى	قضاء	ض	وقت گزارنا/فیصلہ کرنا
رضى	رضى	س	خوش ہونا/پسند کرنا
أدلىٰ ةً	اِدلاءً	افعال	پیش کرنا
استشكل	استشكالا	استفعال	پیچیدہ ہوجانا
استانف	استينافاً	استفعال	دوبارہ کرنا
صدق	صدقا	ن	سچ بولنا
أعدم	اعداما	افعال	سزائے موت دینا
سجن	تسجينا	تفعيل	قید کرنا
اتهم	اتهاما	افتعال	ملزم قرار دینا
نجح	نجاحا	ف	کامیاب ہونا
أطلق	اطلاقا	افعال	رہا کرنا
استفاد	استفادة	استفعال	فائدہ حاصل کرنا
أخطأ	اخطاء	افعال	غلطی کرنا
تثبَّت	تثبُّتا	تفعل	احتیاط کرنا/چھان بین کرنا
فض	فضا	ن	ٹکڑے کرنا
عمل	عملا	س	کام کرنا

فسر	تفسيرا	تفعيل	وضاحت کرنا
استجوب	استجوابا	استفعال	مسئلہ کی سماعت کرنا
جند	تجنيدا	تفعيل	بھرتی کرنا
تفتح	فتحا	ف	کھولنا
يغلق	اغلاقا	افعال	بند کرنا
أجَّل	تاجيلا	تفعيل	مؤخر کرنا/ملتوی کرنا
حلَّ	حلا	ن	حل کرنا
عجل	عجلان	س	جلدی کرنا
لجأ	لجوء	ف	پناہ لینا
يشتكى	اشتكاء	افتعال	شکایت پیش کرنا

حِوَارٌ فِي الْمَحْكَمَةِ الشَّرْعِيَّةِ

شرعی عدالت سے متعلق گفتگو

هَلْ تَحْضُرُ مَعَنَا الْجَلْسَةَ الْأُوْلٰى لِلْمَحْكَمَةِ غَداً.

کیا آپ کل عدالت کی پہلی نشست میں ہمارے ساتھ آؤ گے؟

إِنْ شَاءَ اللّٰهُ سَأَحْضُرُ وَأَكُوْنُ شَاهِداً مِنَ الشُّهَدَاءِ.

ان شاء اللہ آؤں گا اور میں ایک شاہد ہوں گا۔

هَلْ هُنَاكَ نَاسٌ يَكُوْنُوْنَ مِنَ الْحُضُوْرِ فِي الْجَلْسَةِ الْقَضَائِيَّةِ؟

کیا فیصلہ کن نشست میں لوگ حاضر ہوتے ہیں؟

نَعَمْ! تَتِمُّ الْجَلْسَةُ فِي الْمَحْكَمَةِ بَعْدَ حُضُوْرِ النَّاسِ وَالشُّهَدَاءِ.

جی ہاں لوگوں اور گواہوں کی حاضری پر نشست مکمل ہوتی ہے۔

وَكَذٰلِكَ بِحُضُوْرِ الْمُتَّهَمِ أَوِ الْمُتَّهَمِيْنِ.

اور اسی طرح ملزم یا ملزمین کی حاضری کے بعد۔

نَعَمْ بِالطَّبْعِ إِلَّا أَنَّهُ قَدْ لَايَحْضُرُ فَيَحْكُمُوْنَ عَلَيْهِ غَيَاباً.

جی ہاں عام طور پر اسی طرح ہوتا ہے، مگر کبھی وہ حاضر نہیں ہوتا تو اس کی غیر موجودگی میں اس کے خلاف فیصلہ سنا دیتے ہیں۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ الْمَحْكَمَةِ

عدالت سے متعلق تعبیرات

هَلْ لَدَيْكَ جَلْسَةٌ تَحْضُرُ فِيْهَا فِي الْمَحْكَمَةِ؟

کیا آپ کو کسی مسئلہ کے بارے میں عدالت آنا ہے؟

هَلْ اِسْتَطَعْتَ أَنْ تَحْصُلَ عَلٰى مُحَامٍ يَدْفَعُ عَنْكَ؟

کیا آپ نے کیس لڑنے کیلئے کوئی وکیل ڈھونڈا ہے؟

لَاتُقَدِّمْ دَعْوَاكَ حَتّٰى تُعَيِّنَ مُحَامِياً.
جب تک وکیل کا انتخاب نہ کرو اس وقت تک دعویٰ پیش نہ کرنا۔

أَنَا لَا أُرِيْدُ إِلَّا الشُّهُوْدَ لِأَنِّيْ لَا أَرْضٰى إِلَّا بِالْمَحْكَمَةِ الشَّرْعِيَّةِ.
مجھے تو گواہ ہی چاہیے میں شرعی عدالت ہی پر راضی ہوں۔

اَلْمَحْكَمَةُ الشَّرْعِيَّةُ مَصْدَرُهَا كِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّةُ رَسُوْلِهٖ.
شرعی عدالت کا ماٰخذ کتاب اللہ اور سنت رسول ہے۔

اَلْمَحْكَمَةُ الْوَضْعِيَّةُ مَصْدَرُهَا قَوَانِيْنُ وَضَعَهَا أُنَاسٌ مِنَ الْحُكُوْمَةِ فِيْ دُسْتُوْرِ الْبِلَادِ.
وضعی عدالت کا ماٰخذ ایسے قوانین ہیں جسے حکومتی لوگ ملکی دستور میں بناتے ہیں۔

اَلْمَحْكَمَةُ الْعَسْكَرِيَّةُ لَايُحَاكَمُ فِيْهَا إِلَّا مَنْ كَانَ عَامِلًا فِي الْجَيْشِ الْوَطَنِيِّ.
فوجی عدالت میں صرف فوج سے متعلق افراد کے مسئلے حل کئے جاتے ہیں۔

فِي الْمَحْكَمَةِ الشَّرْعِيَّةِ لَا تَحْتَاجُ إِلٰى مُحَامٍ.
شرعی عدالت میں وکیل کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اَلْمَحْكَمَةُ الشَّرْعِيَّةُ يَقْضِي الْقَاضِيْ فِيْهَا بِمَا يَرْضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.
شرعی عدالت میں قاضی وہی فیصلہ سناتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند ہو۔

تَكُوْنُ جَلْسَةُ الْمَحْكَمَةِ بِجُلُوْسِ الْقَاضِيْ وَنُوَّابِهٖ أَمَامَ النَّاسِ وَيَكُوْنُ الْمُتَّهَمُ فِيْ قَفَصِ الْإِتِّهَامِ ثُمَّ يُدْلِي الشُّهُوْدُ بِشَهَادَتِهِمْ ثُمَّ يُدَافِعُ عَنْهُ مُحَامِيْهِ.
عدالتی نشست قاضی اور اس کے کارندوں کا لوگوں کے سامنے بیٹھنے سے ہوتی ہے اور ملزم کٹہرے میں ہوتا ہے، پھر گواہ حضرات اپنی گواہی پیش کرتے ہیں اور اس کا وکیل اس سے دفاع کرتا ہے۔

إِذَا اسْتُشْكِلَ الْأَمْرُ فِي الْجَلْسَةِ الْأُوْلٰى يَسْتَأْنِفُ الْقَاضِيْ جَلْسَةً ثَانِيَةً.

جب پہلی نشست میں کام مشکل پڑ جائے تو قاضی دوسری نشست بلاتا ہے۔

إِذَا صَدَقَ الْأَمْرُ عَلَى الْمُتَّهِمِ يَحْكُمُ فِيْهِ الْقَاضِيْ بِمَا فِي الْمَوَادِ الدُّسْتُوْرِيَّةِ وَمَايَسْتَحِقُّ بِمَا فَعَلَ مِنْ سِجْنٍ أَوْ إِعْدَامٍ.

جب ملزم پر کیس ثابت ہوجائے تو قاضی آئینی دفعات کے تحت اس کے جرم کے مطابق قید یا سزائے موت کا فیصلہ سناتا ہے۔

اَلْمَحَاكِمُ الشَّرْعِيَّةُ تَحْكُمُ بِحُدُوْدِ اللّٰهِ إِمَّا بِقَطْعٍ أَوْ قِصَاصٍ أَوْ جَلْدٍ أَوْ رَجْمٍ وَإِذْ لَزِمَ الْأَمْرُ فَبِالسِّجْنِ.

شرعی عدالت حدود اللہ کے مطابق فیصلہ سناتی ہے یا تو ہاتھ کاٹنا یا قصاص یا کوڑے یا سنگسار اور جب کیس ثابت ہوجائے تو قید۔

سَمِعْتُ الْقَاضِيْ يَقُوْلُ بَعْدَ مَا ثَبَتَ التُّهْمَةُ عَلَى الْمُتَّهَمِ.

جب ملزم پر الزام ثابت ہوا تو قاضی کو میں نے کہتے ہوئے سنا۔

حَكَمَتِ الْمَحْكَمَةُ قَضَائِياً عَلَى الْمُتَّهِمِ الْفُلَانِ بِالسِّجْنِ الْمُؤَبَّدِ حَسْبَ الْمَادَّةِ رَقْمُ كَذَا فِيْ قَوَانِيْنِ الدُّسْتُوْرِ.

عدالت فلاں مجرم کو دستوری قانون شق نمبر فلاں کے مطابق ابدی قید کی سزا سناتی ہے۔

إِذَا نَجَحَ الْمُحَامِيُ فِي الدِّفَاعِ عَنِ الْمُتَّهَمِ يُطْلَقُ سَرَاحُ الْمُتَّهَمِ.

جب وکیل کیس جیت جاتا ہے تو ملزم کو رہا کیا جاتا ہے۔

لَقَدْ حَضَرْتُ كَثِيْراً مِنْ جَلَسَاتِ الْقَضَاءِ وَاسْتَفَدْتُ كَثِيْراً.

میں بہت سے عدالتی نشستوں میں شریک ہوا ہوں اور بہت استفادہ کر چکا ہوں۔

قَدْ يُخْطِيُ الْقَاضِيْ فِي الْحُكْمِ فَيُعِيْدُ الْجَلْسَةَ وَيَتَثَبَّتُ فِي الْحُكْمِ ثَانِياً.

جب قاضی کسی فیصلہ میں غلطی کر لیتا ہے تو نشست کا اعادہ کرتا ہے اور فیصلہ کی نظرِ ثانی کرتا ہے۔

اَلسُّلْطَةُ الْقَضَائِيَّةُ هِيَ الَّتِي تَتَوَلّٰى أَعْمَالَ الْقَضَاءِ وَفَضَّ النِّزَاعَاتِ الْمُخْتَلِفَةِ.

عدالتی عملہ ہی لڑائی جھگڑے کیس اور عدالتی اُمور انجام دیتے ہیں۔

اَلسُّلْطَةُ الْقَضَائِيَّةُ الَّتِي تَعْمَلُ بِالْقَوَانِيْنِ غَيْرِ الشَّرْعِيَّةِ هِيَ تَقُوْمُ بِتَفْسِيْرٍ وَتَطْبِيْقِ الدُّسْتُوْرِ.

آئینی عدالت جو غیر شرعی قوانین پر فیصلہ کرتی ہے، وہ آئین کی نمائندگی کر رہی ہوتی ہے۔

تَقُوْمُ الْمَحْكَمَةُ الْعَسْكَرِيَّةُ بِاسْتِجْوَابِ أَيِّ عَسْكَرِيٍّ أَوْ مَدَنِيٍّ مَنْسُوْبٍ لِجِهَةٍ عَسْكَرِيَّةٍ.

فوجی عدالت، فوجی افراد یا فوج سے متعلق شہریوں کی سماعت کرتی ہے۔

إِذَا تَمَّ تَجْنِيْدُ مُوَاطِنٍ ثُمَّ فَرَّ ذٰلِكَ الْمُوَاطِنُ مِنَ الْخِدْمَةِ الْعَسْكَرِيَّةِ فَإِنَّ الْمَحْكَمَةَ الْعَسْكَرِيَّةَ تُحَاكِمُهُ عَلٰى فِعْلَتِهِ بِالسِّجْنِ الْعَسْكَرِيِّ.

جب کوئی شہری فوج میں بھرتی ہو جاتا ہے اور پھر یہ فوجی اپنی ڈیوٹی سے بھاگ جاتا ہے، تو فوجی عدالت اس کے خلاف فوجی جیل کا فیصلہ کر لیتی ہے۔

فِيْ عَصْرِنَا أَكْثَرُ عَمَلِيَّاتِ الطَّلَاقِ تَتِمُّ فِي الْمَحْكَمَةِ الْوَضْعِيَّةِ.

ہمارے زمانے میں طلاق کے اکثر کیس عمومی عدالت میں حل کئے جاتے ہیں۔

اَلْمَحْكَمَةُ بِنَاءٌ مَخْصُوْصٌ لِلْجَلْسَاتِ الْقَضَائِيَّةِ يُفْتَحُ فَقَطْ لِلْحُكْمِ ثُمَّ يُغْلَقُ.

عدالت فیصلہ ساز نشستوں کی ایک مخصوص عمارت ہے، جو کہ فیصلہ کے وقت کھول دی جاتی ہے پھر بند کر دی جاتی ہے۔

لِلْمَحْكَمَةِ أَوْقَاتٌ خَاصَّةٌ وَمَوَاعِيْدُ مُحَدَّدَةٌ بِسَبَبِ كَثْرَةِ الدَّعَاوِيْ وَالْخِلَافَاتِ.

زیادہ دعووں اور اختلافات کی وجہ سے عدالت کے خاص اوقات اور معین تاریخ ہوتے ہیں۔

فِي الْمَحْكَمَةِ سِجِلَّاتٌ لِكَثِيْرٍ مِنَ الْقَضَايَا قَدْ يُؤَجِّلُوْنَ بَعْضَهَا بِسَبَبِ تَعْقِيْدِهَا.

عدالت میں کئی فائلز ہوتے ہیں جس میں بعض کیس پیچیدہ ہونے کی وجہ سے مؤخر کئے جاتے ہیں۔

كَثِيْرٌ مِّنَ الْمَسَائِلِ الْمُعَقَّدَةِ تَصِلُ إِلَى الْقَضَاءِ وَيَقُوْمُوْنَ بِحَلِّهَا بِتُؤَدَةٍ وَتَمَهُّلٍ.

بہت سارے مشکل کیس عدالت میں جاتے ہیں اور وہ (ججز) اسے بڑے اطمینان کے ساتھ حل کرتے ہیں۔

كَثِيْرٌ مِّنَ الْقَضَايَا تُخْطِئُ الْمَحْكَمَةُ بِسَبَبِ عُجْلَتِهَا فِي الْحُكْمِ فِيْهَا.

عدالت کافی فیصلوں میں جلد بازی کی وجہ سے فیصلہ میں غلطی کر جاتی ہے۔

يُمْكِنُ فَضُّ النِّزَاعَاتِ بِدُوْنِ اللُّجُوْءِ إِلٰى أَيِّ مَحْكَمَةٍ.

عدالت جانے کے بغیر بھی تنازعات سے نمٹا جاسکتا ہے۔

هَلْ حَضَرْتَ فِيْ حَيَاتِكَ جَلْسَةً فِي الْمَحْكَمَةِ؟

کیا آپ اپنی زندگی میں عدالت کی کسی نشست میں حاضر ہوئے ہو؟

لِمَاذَا لَاتُقَدِّمُ مَسْأَلَتَكَ إِلَى الْقَضَاءِ لِلْحُكْمِ فِيْهَا؟

آپ اپنے مسئلہ کو عدالت میں فیصلہ کرنے کیلئے کیوں پیش نہیں کرتے؟

عَلَيْكَ أَنْ تَشْتَكِيَ إِلَى الْمَحْكَمَةِ الشَّرْعِيَّةِ حَالاً.

آپ کو ابھی ابھی شرعی عدالت میں شکایت کرنی چاہیے۔

كَثِيْراً مَّا يَطْمَئِنُّ النَّاسُ إِلَى الْمَحْكَمَةِ الشَّرْعِيَّةِ.

بہت سے لوگوں کو شرعی عدالت پر اطمینان ہے۔

فِي الْمَحَاكِمِ الْوَضْعِيَّةِ قَدْ يَحْكُمُوْنَ فِيْ قَضَايَا بِالشَّرِيْعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ.

عمومی عدالتوں میں کبھی شریعت اسلامیہ پر فیصلہ کرتے ہیں۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي السِّجْنِ

افعال	مصدر	باب	معانی
زاد	زيادة	ض	زیادہ ہونا/بڑھنا
غيَّر	تغييرا	تفعيل	تبدیل کرنا
زُرتُ	زيارة	ن	دورہ کرنا/ملاقات کرنا
سُجِن	تسجينا	تفعيل	قید کرنا
حُبِس	حبسا	ض	قید کرنا
أفرج عنى	افراجا	افعال	رہا کرنا
أجار	اجارة	افعال	پناہ دینا
عذَّب	تعذيبا	تفعيل	سزا دینا
ظلم	ظلما	ض	ظلم کرنا
مات	موتا	ن	مرجانا
فرَّ	فرارا	ض	بھاگنا
هرب	هربا۔هروبا	ن	بھاگنا
راقب	مراقبة	مفاعلة	نگرانی کرنا
أجرم	اجراما	افعال	جرم کرنا
قبض	قبضا	ض	قبضہ کرنا
حدَّد	تحديدا	تفعيل	حدود مقرر کرنا/متعین کرنا
اعتقل	اعتقالا	افتعال	قید کرنا

حِوَارٌ فِي السِّجْنِ

جیل سے متعلق گفتگو

هَلْ تَذْهَبُ إِلٰى زِيَارَةِ صَدِيْقِكَ فِي السِّجْنِ؟

کیا آپ اپنے دوست سے ملاقات کرنے کیلئے جیل جاؤ گے؟

نَعَمْ سَأَذْهَبُ وَأَحْمِلُ مَعِيَ بَعْضَ مَا يَحْتَاجُهُ.

جی ہاں! جاؤں گا اور اپنے ساتھ بعض اس کی ضرورت کا سامان بھی اٹھاؤں گا۔

كَمْ مُدَّةُ الْجُلُوْسِ الْمَسْمُوْحِ بِهَا؟

کتنی دیر تک بیٹھنے کی اجازت ہوتی ہے؟

مُدَّةُ رُبْعِ سَاعَةٍ فَحَسْبُ.

صرف پندرہ منٹ۔

لِمَاذَا لَا يَزِيْدُوْنَ فِي الْمُدَّةِ؟

مدت میں اضافہ کیوں نہیں کرتے؟

هٰذِهِ قَوَانِيْنُ الْوِزَارَةِ لَا يُمْكِنُ تَغْيِيْرُهَا إِلَّا بِإِذْنِهِمْ.

یہ وزارت کے قوانین ہیں ان کی اجازت کے بغیر اس میں تبدیلی ممکن نہیں۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ السِّجْنِ (الْحَبْسِ)

جیل سے متعلق تعبیرات

هَلْ زُرْتَ مَرَّةً السِّجْنَ الْمَرْكَزِيَّ؟

کیا آپ نے مرکزی جیل کبھی دیکھا ہے؟

هَلْ دَخَلْتَ فِيْ حَيَاتِكَ الْحَبْسَ؟

کیا آپ اپنی زندگی میں قید ہوئے ہو؟

هَلْ عِنْدَكَ قَرِيْبٌ مَسْجُوْنٌ وَأَيْنَ سِجْنُهُ؟

کیا آپ کا کوئی رشتہ دار قیدی ہے؟ اور اُس کا جیل کہاں ہے؟

لِمَاذَا كَثُرَتِ السُّجُوْنُ فِيْ بِلَادِنَا؟

ہمارے ملک میں جیلیں کیوں زیادہ ہوگئیں؟

فِيْ كُلِّ وِزَارَةٍ لِّلْأَمْنِ الْوَطَنِيِّ سِجْنٌ فِيْهِ سُجَنَاءُ.

ملک کی ہر وزارت امن کے تحت ایک جیل ہوتا ہے، جس میں قیدی ہوا کرتے ہیں۔

لِيْ قَرِيْبٌ دَخَلَ السِّجْنَ بِسَبَبِ الْمُخَدِّرَاتِ.
میرا ایک رشتہ دار ہے جو منشیات کی وجہ سے جیل میں قید ہوا۔

عِنْدِيْ مِنْ أَهْلِيْ مَنْ دَخَلَ السِّجْنَ ظُلْماً وَزُوْراً.
میرا ایک رشتہ دار ظلماً اور دھوکے سے جیل میں ڈالا گیا۔

دَخَلَ أَخِي السِّجْنَ لِأَنَّهُ قَامَ بِقَتْلِ أَحَدٍ.
میرا بھائی جیل بھیجا گیا کیونکہ اس نے کسی کو قتل کیا۔

هَلْ حَكَمَتِ الْمَحْكَمَةُ عَلٰى صَاحِبِكَ بِالسِّجْنِ الْمُؤَبَّدِ؟
کیا عدالت نے آپ کے دوست کے خلاف زندگی بھر جیل کاٹنے کی سزا سنائی؟

لَا لَمْ تَحْكُمْ بِالْمُؤَبَّدِ بَلْ بِعَشْرِ سَنَوَاتٍ.
نہیں! زندگی بھر نہیں بلکہ دس سال کی سزا سُنائی۔

اَلسُّجُوْنُ لَا تَكُوْنُ نَظِيْفَةً عَامَّةً.
عام طور پر جیلیں صاف نہیں ہوتی۔

فِي السِّجْنِ يُوَزِّعُ السُّجَّانُ الطَّعَامَ عَلَى الْمَحْبُوْسِيْنَ.
جیل میں جیلر قیدیوں پر کھانا تقسیم کرتا ہے۔

لَقَدْ دَخَلْتُ السِّجْنَ لِمُدَّةِ أُسْبُوْعٍ ثُمَّ أُفْرِجَ عَنِّي.
میں ایک ہفتہ کیلئے جیل گیا تھا لیکن پھر رہائی ہوگئی۔

أَجَارَكَ اللّٰهُ مِنَ السُّجُوْنِ فَإِنَّ فِيْهَا تَعْذِيْباً وَظُلْماً إِلَّا مَنْ كَانَ يَسْتَحِقُّ ذٰلِكَ.
اللہ تعالیٰ جیلوں سے آپ کی حفاظت فرمائے، کیونکہ ان میں ظلم اور عذاب ہے مگر جو اس کا مستحق ہو۔

هُنَاكَ مَنْ مَاتَ فِي الْحَبْسِ بِسَبَبِ تَدْهُوْرِ صِحَّتِهِ وَلَمْ يَتَلَقَّ عِلَاجاً كَامِلاً.
بعض لوگ صحت خراب ہونے کی وجہ سے جیل میں مر گئے ہیں اور ان کا صحیح علاج نہ ہوا۔

كُلُّ امْرِىءٍ حُكِمَ عَلَيْهِ بِالسِّجْنِ يُوْضَعُ مَعَ السُّجَنَاءِ الَّذِيْنَ أُدْخِلُوا الْحَبْسَ بِنَفْسِ الْقَضِيَّةِ.

ہر وہ شخص جس کے خلاف جیل کا فیصلہ ہوتا ہے تو اس کو قیدیوں کے ساتھ رکھا جاتا ہے جو اُسی کیس کی وجہ سے جیل میں آئے ہوں۔

هُنَاكَ سِجْنٌ مَدَنِيٌّ لِعَامَّةِ النَّاسِ وَسِجْنٌ عَسْكَرِيٌّ لِلسُّجَنَاءِ الْعَسْكَرِيِّيْنَ.

ایک شہری جیل ہے عام لوگوں کیلئے اور ایک فوجی جیل ہے فوجی قیدیوں کیلئے۔

لَايُمْكِنُ لِأَحَدٍ أَنْ يَّفِرَّ مِنَ السِّجْنِ.

کسی کیلئے بھی جیل سے بھاگنا ممکن نہیں۔

قَلِيْلٌ مَّنْ يَّتَمَكَّنُ مِنَ الْفَرَارِ مِنَ الْحَبْسِ.

بہت کم لوگ جیل/قید سے بھاگ سکتے ہیں/ فرار ہو سکتے ہیں۔

أَمَامَ عَنَابِرِ السِّجْنِ سَجَّانُوْنَ وَحُرَّاسٌ يَقُوْمُوْنَ بِالْمُرَاقَبَةِ الشَّدِيْدَةِ.

جیل کے بارکوں کے سامنے تھانہ دار اور سیکیورٹی کھڑے ہو کر کڑی نگرانی کرتے ہیں۔

أَسْوَارُ السِّجْنِ مُرْتَفِعَةٌ جِدًّا.

جیل کی دیواریں بہت اُونچی ہوتی ہیں۔

قَضْبَانُ السِّجْنِ مِنْ حَدِيْدٍ فُلَادِيٍّ.

جیل کی سلاخیں فولادی لوہے کے بنے ہوتے ہیں۔

هُنَاكَ زَنَازِنُ تَحْتَ الْأَرْضِ يُسْجَنُ فِيْهَا الْمُجْرِمُوْنَ الْكِبَارُ الْخَطِرُوْنَ.

بعض خطرناک قسم کے ملزموں کو زیرِ زمین کالی کوٹھریوں میں قید کیا جاتا ہے۔

أُدْخِلَ قَرِيْبٌ لِيْ زَنْزَانَةً ضَيِّقَةً جِدًّا.

میرے ایک رشتہ دار کو ایک تنگ کوٹھڑی میں بند کر دیا گیا۔

خَرَجَ خَالٌ لِيْ مِنَ السِّجْنِ بَعْدَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً فَلَمْ يَعْرِفِ الْبِلَادَ لِأَنَّهَا تَغَيَّرَتْ عَلَيْهِ.

میرا ماموں پچیس سال بعد جیل سے رہا ہوا تو شہر نہ پہچان سکا، کیونکہ وہ تبدیل ہو چکا تھا۔

اِسْتَطَاعَ أَحَدٌ رِفَاقِيْ فِي الْفَرَارِ مِنَ الْحَبْسِ لٰكِنَّ الشُّرْطَةَ أَلْقَتِ الْقَبْضَ عَلَيْهِ وَأَعَادَتْهُ.

میرا ایک دوست جیل سے بھاگ گیا تھا، لیکن پولیس نے گرفتار کر کے دوبارہ ڈال دیا۔

فِيْ جَمِيْعِ الْعَالَمِ سُجُوْنٌ مَلِيْئَةٌ بِالسُّجَنَاءِ.

پوری دنیا میں جیلیں قیدیوں سے بھری ہوئی ہیں۔

لَوْ أَقَامُوْا شَرْعَ اللّٰهِ لَمَا كَانُوْا يَحْتَاجُوْنَ إِلٰى كَثْرَةِ السُّجُوْنِ.

اگر اللہ کی شریعت نافذ کرتے تو زیادہ جیلوں کے محتاج نہ ہوتے۔

بِإِقَامَةِ شَرِيْعَةِ الْإِسْلَامِ يَنْتَشِرُ الْأَمْنُ وَالْأَمَانُ وَلَا حَاجَةَ لِكَثْرَةِ السُّجُوْنِ.

شریعت اسلامی نافذ کرنے سے امن وامان پھیلتا ہے اور جیلوں کی ضرورت نہیں ہوتی۔

هُنَاكَ مُعْتَقَلَاتٌ كَبِيْرَةٌ مُخَصَّصَةٌ لِأَسْرَى الْحَرْبِ.

بعض بڑے قید خانے ہوتے ہیں جو جنگی قیدیوں کے ساتھ خاص ہوتے ہیں۔

لِمُجْرِمِي الْحَرْبِ سُجُوْنٌ خَاصَّةٌ.

جنگی مجرموں کے لئے خاص جیلیں ہیں۔

لِلرُّؤَسَاءِ وَالْمُلُوْكِ وَالْوُزَرَاءِ اِقَامَاتٌ جَبْرِيَّةٌ فِيْ بُيُوْتِهِمْ وَلَا يَدْخُلُوْنَ السِّجْنَ.

سربراہان، بادشاہ، وزراء کو گھروں میں نظر بند کیا جاتا ہے۔ اور جیل نہیں بھیجے جاتے ہیں۔

لِلسُّجَنَاءِ السِّيَاسِيِّيْنَ سِجْنٌ عَلٰى مُسْتَوًى رَاقٍ وَرَفِيْعٍ فِيْهِ جَمِيْعُ مَا يَحْتَاجُوْنَ إِلَيْهِ.

سیاسی قیدیوں کیلئے اعلیٰ اور عمدہ سطح کی جیل ہے، اس میں سب ضروریات موجود ہیں۔

لَقَدْ خَصَّصَتْ أَمْرِيْكَا مُعْتَقَلاً ضَخْماً وَهُوَ مُعْتَقَلٌ غْوَانْتَنَامُوْ فِيْ كُوْبَا لِلْإِرْهَابِيِّيْنَ.

امریکا نے ایک بڑا قید خانہ دہشت گردوں کیلئے خاص کر دیا ہے اور وہ کیوبا میں گوانتاناموبے کا قید خانہ کہلاتا ہے۔

فِي أَفْغَانِسْتَانَ وَالْعِرَاقِ مُعْتَقَلاَتٌ كَبِيْرَةٌ لِلْإِرْهَابِيِّيْنَ مِنَ الْمُدَافِعِيْنَ عَنْ بِلَادِهِمْ.	افغانستان اور عراق میں اپنے مُلک سے دفاع کرنے والے دہشت گردوں کیلئے بڑے قید خانے ہیں۔
خَصَّصَتِ الْحُكُوْمَةُ أَوْقَاتاً لِزِيَارَةِ السُّجَنَاءِ.	قیدیوں سے ملاقات کیلئے حکومت نے اوقات مخصوص کر دیئے ہیں۔
هُنَاكَ أَوْقَاتٌ مُخَصَّصَةٌ وَمُحَدَّدَةٌ يَزُوْرُ فِيْهَا النَّاسُ ذَوِيْهِمْ مِنَ السُّجَنَاءِ.	بعض مخصوص اور محدود اوقات ہیں جس میں لوگ قیدی عزیزوں سے ملتے ہیں۔
عَامَّةُ النَّاسِ يَخَافُوْنَ مِنَ الْحَبْسِ وَيَحْسَبُوْنَ لَهُ حِسَابَهُ.	عام لوگ قید ہونے سے ڈرتے ہیں، اس لئے بہت احتیاط کرتے ہیں۔
كَثِيْرٌ مِنَ الْمَحْبُوْسِيْنَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ السِّجْنِ وَحَالَتُهُمُ الصِّحِّيَّةُ سَيِّئَةٌ.	بہت سے قیدی قید سے رہا ہوتے ہیں اور ان کی صحت خراب ہوتی ہے۔
خَرَجَ صَدِيْقٌ لِيْ مِنَ الْحَبْسِ وَصِحَّتُهُ مَدْهُوْرَةٌ جِدًّا.	میرا ایک دوست جیل سے رہا ہوا تو اس کی صحت بہت خراب تھی۔
زُرْتُ أَبِيْ وَهُوَ فِي السِّجْنِ يَشْكُوْ إِلَيَّ مَرَضاً أَصَابَهُ.	میں نے اپنے والد ماجد سے ملاقات کی جب وہ جیل میں تھے، انہوں نے مجھ سے اپنے لاحق مرض کی شکایت کی۔
طَعَامُ عَامَّةِ السُّجُوْنِ وَالْمُعْتَقَلاَتِ سَيِّءٌ.	عام جیلوں اور قید خانوں کا کھانا خراب ہوتا ہے۔
كَثِيْرٌ مِنَ الْأَبْرِيَا دَخَلُوْا مُعْتَقَلَ كُوْبَا.	بہت سے معصوم لوگ کیوبا کے قید خانہ میں ہیں۔
هُنَاكَ أَبْرِيَاءُ فِيْ كَثِيْرٍ مِنَ السُّجُوْنِ حُبِسُوْا ظُلْماً.	معصوم لوگ بہت سے جیلوں میں ہیں جو ظلماً قید کر لئے گئے ہیں۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِيْ حَاجِزِ التَّفْتِيْشِ

افعال	مصدر	باب	معانی
حجز	حجزا	ض	روکنا/رُکاوٹ کھڑی کرنا
وقف	وقفا	ض	رکنا
فجَّر	تفجيرا	تفعيل	دھماکہ کرنا/خود کواُڑانا
فتَّش	تفتيشا	تفعيل	تلاشی لینا
سمح	سماحا/ سماحة	ف	اجازت دینا
أحدث	احداثا	افعال	ہنگامہ کرنا
كثُر	كثرة	كرم	زیادہ ہوجانا
منع	منعا	ف	منع کرنا
تقبض	قبضا	ض	گرفتار کرنا
تسرَّب	تسرُّبا	تفعل	کھسکنا/چھپکے سے نکل جانا
أفسد	افسادا	افعال	فساد پھیلانا
أمِن	أمنا	س	محفوظ ہونا/مامون ہونا
شک	شکا	ن	شک کرنا/مشکوک سمجھنا
واجه	مواجهة	مفاعلة	سامنے آنا/مقابلہ کرنا
تساهل	تساهلا	تفاعل	نرمی کرنا/نظرانداز کرنا
تخاصم	تخاصما	تفاعل	لڑپڑنا/بحث مباحثہ کرنا
غضب	غضبا	س	غصہ ہونا/ناراض ہونا
يستدعي	استدعاء	استفعال	بلانا/منگوانا
تبادل	تبادلا	تفاعل	تبادلہ کرنا
تسرع	اسراعا	افعال	جلدی کرنا

حِوَارٌ فِيْ حَاجِزِ التَّفْتِيْشِ (نُقْطَةُ التَّفْتِيْشِ)

چیک پوسٹ/تفتیشی رُکاوٹ سے متعلق گفتگو

مَاشَاءَ اللّٰهُ وَصَلْتَ بِخَيْرٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ!

ماشاءاللہ! خیریت سے پہنچے والحمدللہ!

نَعَمْ بَعْدَ مَا أَخَّرَنَا رِجَالُ الشُّرْطَةِ.

جی ہاں! بعد اس کے کہ پولیس والوں نے لیٹ کردیا۔

وَمَا هِيَ الْمُشْكِلَةُ؟

مسئلہ کیا تھا؟

هُنَاكَ مَشَاكِلٌ وَقَفَتْ فَوَضَعَتِ الشُّرْطَةُ حَوَاجِزَ لِلتَّفْتِيْشِ.

وہاں کچھ مشاکل پیدا ہوئے تو پولیس والوں نے تلاشی لینے کیلئے رکاوٹیں کھڑی کردیں۔

كَمْ نُقْطَةَ التَّفْتِيْشِ وَقَفْتُمْ فِيْهَا؟

کتنے چیک پوسٹوں پر آپ ٹھہرے؟

وَقَفْنَا فِيْ ثَلَاثَةِ نُقَطِ التَّفْتِيْشِ.

ہم تین چیک پوسٹوں پر رُکے۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ حَوَاجِزِ التَّفْتِيْشِ

چیک پوسٹ سے متعلق تعبیرات

عِنْدَمَا تَقَعُ تَفْجِيْرَاتٌ فِيْ بَلْدَةٍ مَا تَظْهَرُ نُقَطُ التَّفْتِيْشِ.

جب کسی شہر میں دھماکے ہوجاتے ہیں تو رُکاوٹیں کھڑی کردی جاتی ہیں۔

لَاتُوْجَدُ فِيْ مَنَاطِقِنَا نُقَطُ تَفْتِيْشٍ.

ہمارے علاقوں میں چیک پوسٹیں نہیں ہیں۔

مَاذَا طَلَبُوْا مِنْكَ فِيْ نُقْطَةِ التَّفْتِيْشِ؟

آپ سے چیک پوسٹ میں کیا چیز طلب کی؟

هَلْ أَنْزَلَكَ الشُّرْطَةُ مِنَ السَّيَّارَةِ؟

کیا پولیس والوں نے آپ کو گاڑی سے اُتارا؟

هَلْ قَامَتِ الشُّرْطَةُ بِتَفْتِيْشِ الْحَافِلَةِ؟

کیا پولیس والوں نے گاڑی کی چیکنگ کی؟

طَلَبُوْا مِنِّيْ بِطَاقَةَ التَّعْرِيْفِ الْوَطَنِيَّةِ؟ فَتَّشُوْا سَيَّارَتِيْ ثُمَّ فَتَحُوْا لِي الطَّرِيْقَ.

مجھ سے پولیس والوں نے شناختی کارڈ مانگا۔ ہمارے گاڑی کی چیکنگ کی پھر ہمارے لئے راستہ کھول دیا۔

قَامُوْا بِإِنْزَالِ جَمِيْعِ الرُّكَّابِ وَفَتَّشُوْا حَقَائِبَهُمْ.

سب سواروں کو اُتار دیا اور اُن کے بیگ چیک کئے۔

فِيْ حَاجِزِ التَّفْتِيْشِ قَامَ الشُّرْطِيُّ بِالنَّظَرِ دَاخِلَ الْحَافِلَةِ ثُمَّ سَمَحَ لَهَا بِالْمُرُوْرِ.

چیک پوسٹ میں پولیس والے نے گاڑی کے اندر ایک نظر دوڑائی پھر جانے کی اجازت دی۔

أَنْزَلَ الْجَيْشُ عِدَّةَ رِجَالٍ مِنَ الْحَافِلَةِ عِنْدَ حَاجِزِ التَّفْتِيْشِ.

چیک پوسٹ پر رینجرز والوں نے کئی بندوں کو بس سے اُتار دیا۔

فِي الْحُدُوْدِ الدُّوَلِيَّةِ تُوْجَدُ مَخَافِرُ لِلشُّرْطَةِ.

ملکی حدود پر پولیس چوکیاں ہوتی ہیں۔

يَقُوْمُ رِجَالُ الْمِخْفَرِ بِتَفْتِيْشِ الشَّاحِنَاتِ الْقَادِمَةِ مِنَ الدُّوَلِ الْمُجَاوِرَةِ لِبَلَدِنَا.

چوکی کے افراد پڑوس ممالک سے آنے والی ٹرالرز کی چیکنگ کرتے ہیں۔

قَدْ لَا يَسْمَحُ رِجَالُ الشُّرْطَةِ (الْقَائِمُوْنَ عَلَى الْمُرُوْرِ) بِالْمُرُوْرِ لِكَثِيْرٍ مِنَ الشَّاحِنَاتِ وَالْمُسَافِرِيْنَ خَوْفاً مِنْهُمْ إِذْ يُحْدِثُوْا شَيْئاً فِي الْبِلَادِ.

بسا اوقات ٹریفک پولیس بہت سے ٹرالرز اور مسافروں کو آگے جانے کی اجازت نہیں دیتی، اس ڈر سے کہ ملک میں ہنگامہ/فساد نہ کردیں۔

لِمَاذَا تَكْثُرُ الْحَوَاجِزُ الْأَمْنِيَّةُ هٰذِهِ الْأَيَّامَ؟

ان دنوں چیک پوسٹیں کیوں اتنی زیادہ ہیں؟

مَا سَبَبُ اِيْقَافِ الشُّرْطَةِ لَنَا وَتَفْتِيْشِ مَتَاعِنَا وَسَيَّارَتِنَا؟

ہمیں پولیس کس وجہ سے روکتی ہے اور ہمارا سامان اور گاڑی چیک کیوں کرتے ہیں؟

اَلْحَوَاجِزُ الْأَمْنِيَّةُ تَكْثُرُ بِسَبَبِ الْخَوْفِ مِنْ مُرُوْرِ اِرْهَابِيِّيْنَ يَقُوْمُوْنَ بِتَفْجِيْرَاتٍ دَاخِلَ الْمَدِيْنَةِ.

دہشت گردوں کے گزرنے کی ڈر سے چیک پوسٹ زیادہ ہوجاتے ہیں، جو شہر کے اندر دھماکے کرتے ہیں۔

نُقَطُ التَّفْتِيْشِ فِي الْحُدُوْدِ تَمْنَعُ دُخُوْلَ الْمُخَدِّرَاتِ وَالْمَوَادِ الْخَطِرَةِ وَتَقْبِضُ عَلٰى أَصْحَابِهَا.

باؤنڈری پر واقع چیک پوسٹ نشہ آور اور خطرناک مواد لانے سے روکتی ہے اور اس کے مالک کو گرفتار کرتی ہے۔

حَوَاجِزُ الشُّرْطَةِ تَقُوْمُ بِحِفْظِ الْأَمْنِ فِي الْبِلَادِ حَتّٰى لَا يَتَسَرَّبَ الْمُفْسِدُوْنَ.

چیک پوسٹیں شہروں میں امن قائم کرتی ہیں تاکہ شر پسند داخل نہ ہوں۔

عِنْدَمَا تَأْمَنُ الْبِلَادُ تَقِلُّ حَوَاجِزُ التَّفْتِيْشِ إِلَّا فِي الثُّغُوْرِ.

جب شہر پُر امن ہوجاتے ہیں تو چیک پوسٹیں کم ہوجاتی ہیں، مگر باؤنڈری پر۔

اَلْمَخَافِرُ الْأَمْنِيَّةُ تَقُوْمُ عَلَى الْحُدُوْدِ الدُّوَلِيَّةِ عَلَى الدَّوَامِ.

حفاظتی چوکیاں ملکی حدود پر ہمیشہ قائم ہوتی ہیں۔

إِذَا شَكَّ شُرْطِيُّ الْحَاجِزِ الْأَمْنِيِّ مِنْ شَخْصٍ يَقْبِضُ عَلَيْهِ وَيُحْمَلُ فِيْ سَيَّارَةِ الشُّرْطَةِ إِلَى النِّيَابَةِ لِيُنْظَرَ فِيْ أَمْرِهِ.

جب حفاظتی چوکی کا پولیس کسی شخص پر شک کرتے ہیں، تو اُسے گرفتار کرتے ہیں۔ اور چوکی میں لاکر اس کے معاملہ میں غور کیا جاتا ہے۔

كَثِيْراً مَا يُطْلَبُ مِنَ الْمَرْءِ فِي الْحَاجِزِ الْأَمْنِيِّ الْبِطَاقَةُ الشَّخْصِيَّةُ.

چیک پوسٹ میں اکثر آدمی سے شناختی کارڈ طلب کیا جاتا ہے۔

قَدْ تُوَاجِهُ مُشْكِلَةً مَعَ شُرْطَةِ نُقْطَةِ التَّفْتِيْشِ إِذَا لَمْ تَكُنْ حَامِلًا لِبِطَاقَةِ تَعْرِيْفِ الشَّخْصِيَّةِ.

آپ کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے چیک پوسٹ پولیس کے ساتھ، اگر آپ کے پاس شناختی کارڈ نہ ہو۔

لَا بُدَّ أَنْ تَحْمِلَ مَعَكَ بِطَاقَةَ التَّعْرِيْفِ إِذَا سَافَرْتَ سَفَراً بَعِيْداً.

اپنا شناختی کارڈ ضرور لیکر جانا جب آپ نے دور تک سفر کرنا ہو۔

لَعَلَّکَ تُوَاجِهُ حَاجِزاً أَمْنِياً تَقُوْمُ الشُّرْطَةُ فِيْهِ بِطَلَبِ الْبِطَاقَةِ مِنْکَ.

شاید آپ کا گزر حفاظتی چوکی پر ہو اور پولیس آپ سے شناختی کارڈ طلب کرے۔

إِحْذَرْ أَنْ تُسَافِرَ بِدُوْنِ جَوَازِ سَفَرٍ قَدْ نَقْبِضُ عَلَيْکَ الشُّرْطَةُ عِنْدَ النُّقْطَةِ الْأَمْنِيَّةِ وَتُوَاجِهُ مُشْكِلَةً مُعَقَّدَةً.

بغیر پاسپورٹ کے سفر کرنے سے بچنا ہوسکتا ہے چیک پوسٹ پر پولیس آپ کو گرفتار کرلے اور سخت مشکلات کا سامنا ہو۔

بَعْضُ رِجَالِ الْحَوَاجِزِ الْأَمْنِيَّةِ يَتَسَاهَلُوْنَ مَعَ النَّاسِ فَيَدَعُوْنَهُمْ يَمُرُّوْنَ بِدُوْنِ تَفْتِيْشٍ.

چیک پوسٹ کے بعض آدمی لوگوں کیساتھ نرمی کا برتاؤ کرتے ہیں اور انہیں بغیر چیکنگ کے چھوڑتے ہیں۔

أَكْثَرُ رِجَالِ الْمُخَافِرِ الْأَمْنِيَّةِ يَشْتَدُّوْنَ مَعَ النَّاسِ وَيُفَتِّشُوْنَ جَمِيْعَ أَغْرَاضِهِمْ.

حفاظتی چوکی کے اکثر اہلکار لوگوں کے ساتھ سختی کرتے ہیں اور ان کا سارا سامان چیک کرتے ہیں۔

وَيَحْبِسُوْنَ بَعْضَهُمْ وَيَرُدُّوْنَ الْبَعْضَ الْآخَرَ.

اور بعض کو گرفتار کرتے ہیں اور دوسرے بعض کو واپس کردیتے ہیں۔

لَاتَتَخَاصَمْ مَعَ رِجَالِ الشُّرْطَةِ عِنْدَ الْحَاجِزِ الْأَمْنِيِّ قَدْ يَغْضَبُوْنَ وَلَا يَدَعُوْنَکَ تَمُرُّ بِسَلَامٍ.

پولیس کے لوگوں کے ساتھ بحث مت کرنا حفاظتی چوکی پر۔ ممکن ہے کہ وہ غصہ ہوجائیں اور تجھے سلامتی کے ساتھ گزرنے نہیں دیں۔

كُنْ مُتَسَاهِلاً مَعَ رِجَالِ الْأَمْنِ عِنْدَ حَاجِزِ التَّفْتِيْشِ وَلَاتَتَسَرَّعْ فَتَحْدُثُ مُشْكِلَةٌ لَکَ.

چیک پوسٹ پر پولیس والوں کے ساتھ نرمی سے پیش آنا ورنہ تمہارے لئے مسئلہ بن جائے گا۔

يَتَبَادَلُ رِجَالُ الشُّرْطَةِ الْعَمَلَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ عِنْدَ نُقْطَةِ التَّفْتِيْشِ.

چیک پوسٹ پر پولیس والوں کی ڈیوٹی دن رات میں تبدیل ہوتی رہتی ہے۔

فِي الْحَوَاجِزِ الْأَمْنِيَّةِ لَا تَجِدُ نَفْسَ رِجَالِ الْأَمْنِ فِي الصَّبَاحِ هُمْ فِي الْمَسَاءِ.

چیک پوسٹ میں صبح کو جو اہلکار نظر آتے ہیں وہی اہلکار شام کو نہیں ملیں گے۔

إِذْ كَانَتِ الْمَنَاطِقُ الْحُدُوْدِيَّةُ خَطِيْرَةً تُسْتَبْدَلُ الشُّرْطَةُ بِالْجَيْشِ لِيَقُوْمَ مَقَامَهَا فِيْ تَفْتِيْشِ الْمَارِّيْنِ إِلَى الْبِلَادِ.

جب باؤنڈری کا علاقہ خطرناک ہوتا ہے تو پولیس کی بجائے فوج تعینات ہوتی ہے، تاکہ شہروں کی طرف آنے والوں کی چیکنگ میں اُن کے قائم مقام ہوں۔

فِيْ بَعْضِ الْحَوَاجِزِ الْأَمْنِيَّةِ الَّتِيْ فِي الْمَوَاضِعِ الْخَطِيْرَةِ جُنُوْدٌ فِيْ حَالَةِ اسْتِعْدَادٍ حَامِلِيْنَ الْبَنَادِقَ وَالرَّشَاشَاتِ.

خطرناک علاقوں کے بعض چیک پوسٹوں میں فوجی بندوق اور مشین گن ہاتھ میں لئے ہوئے ہائی الرٹ کھڑے ہوتے ہیں۔

قَدْ يَسْتَدْعِي الْأَمْرُ مِنْ رِجَالِ الْأَمْنِ أَنْ يُطْلِقُوا الرَّصَاصَ عِنْدَ نُقْطَةِ التَّفْتِيْشِ إِذَا لَمْ تَقِفِ السَّيَّارَةُ.

کبھی سیکورٹی فائر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں جب چیک پوسٹ پر گاڑی نہیں رُکتی۔

بِوَاسِطَةِ الْحَوَاجِزِ الْأَمْنِيَّةِ تَقِلُّ سَطْوَاتُ قُطَّاعِ الطَّرِيْقِ عَلَى الْمُسَافِرِيْنَ.

چیک پوسٹوں کی وجہ مسافروں کے خلاف ڈاکوؤں کا لوٹ مار بھی کم ہوتا ہے۔

يَقُوْمُ رِجَالُ الْمَخَافِرِ الْأَمْنِيَّةِ بِدَوْرِيَّةٍ عِنْدَ الْحُدُوْدِ وَفِي الْأَمَاكِنِ الْخَالِيَةِ مِنَ السُّكَّانِ قَصْدَ الْقَبْضِ عَلَى الْمُفْسِدِيْنَ وَقُطَّاعِ الطَّرِيْقِ.

باؤنڈری کے پاس حفاظتی چوکی کے لوگ کبھی گشت کرتے ہیں اور اُن علاقوں میں جہاں پر آبادی نہ ہوں، شر پسندوں اور ڈاکوؤں کو گرفتار کرنے کی غرض سے۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِيْ سَاحَاتِ الْحُرُوْبِ

افعال	مصدر	باب	معانی
سأل	سؤالا/ مسئلة	ف	سوال کرنا/پوچھنا
قاتل	مقاتلة/ وقتالا	مفاعلة	لڑنا
حارب	محاربة	مفاعلة	لڑنا
كفى	كفاية	ض	کافی ہونا
شرَّد	تشريدا	تفعيل	ملک بدر کرنا/شہر سے نکالنا
قدَّم	تقديما	تفعيل	پیش کرنا
واصل	مواصلة	مفاعلة	جاری رکھنا
احتلَّ	احتلالا	افتعال	قبضہ کرنا
استعمر	استعمارا	استفعال	آباد کرنا
قتل	قتلا	ن	قتل کرنا
قصف	قصفا	ض	گولہ باری کرنا/بم باری کرنا
قذف	قذفا	ض	گولہ باری کرنا/بم باری کرنا
خضع	خضوعا	ف	تابع وفرمان بردار ہونا
فاوض	مفاوضة	مفاعلة	مذاکرات کرنا
أصرَّ	اصرارا	افعال	اصرار کرنا/تاکید کرنا
قاوم	مقاومة	مفاعلة	جنگ کرنا/ مقابلہ کرنا/ مزاحمت کرنا
انفجر	انفجارا	انفعال	پھٹنا
عاش	عيشا	ض	رہنا/رہائش پذیر ہونا
خاف	خوفا۔ مخافة	ف	ڈرنا

ينشب	نشوبا	س	جنم لینا/پیدا ہونا
اعتقل	اعتقالا	افتعال	قید کرنا
انتحر	انتحار	افتعال	خودکشی کرنا
استشهد	استشهادا	استفعال	فدائی کرنا/جان دینا
دحَر	دحرا	ف	دشمن کو پسپا کرنا/شکست دینا
هدم	هدما	ض	تباہ کرنا/ویران کرنا

حِوَارٌ فِيْ سَاحَاتِ الْحُرُوْبِ

میدانِ جنگ سے متعلق گفتگو

مَاذَا عِنْدَكَ مِنْ أَخْبَارِ سَاحَاتِ الْحَرْبِ؟

آپ کے پاس جنگی میدانوں کے بارے میں کوئی خبر ہے؟

لِمَاذَا تَسْأَلُ عَنِ الْحَرُوْبِ وَالْقِتَالِ أَلَا يَكْفِيْنَا مَا نَحْنُ فِيْهِ.

لڑائی اور جنگوں کے بارے میں کیوں پوچھتے ہو؟ کیا یہ کافی نہیں جس میں ہم ہیں۔

لَا بُدَّ لَنَا أَنْ نَعْرِفَ الْأَخْبَارَ حَتّٰى تَكُوْنَ قُلُوْبُنَا مَعَ أُولٰئِكَ الْمُشَرَّدِيْنَ بِسَبَبِ الْحُرُوْبِ.

ہمیں چاہیے کہ ہم احوال معلوم کریں تاکہ ہمارے دل ان جنگوں کی وجہ سے دربدر عوام کے ساتھ رہیں۔

لَا يَكْفِيْ أَنْ نَفْعَلَ ذٰلِكَ فَقَطْ بَلْ لَا بُدَّ مِنْ تَقْدِيْمِ الْمُسَاعَدَةِ وَالدُّعَاءِ لَهُمْ.

یہ کافی نہیں کہ ہم صرف یہ کام کریں، بلکہ ہمیں تو اُن کی مدد کرنی چاہیے اور ان کے لئے دعا کرنی چاہیے۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ سَاحَاتِ الْحُرُوْبِ

جنگی میدانوں سے متعلق تعبیرات

مَا هِيَ أَخْبَارُ الْمُقَاوِمِيْنَ فِي الْفَلَسْطِيْنِ؟

فلسطین کے مزاحمت کاروں کے بارے میں کوئی خبر ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ أَخْبَارُ أَفْغَانِسْتَانَ؟

کیا آپ کے پاس افغانستان کی خبر ہے؟

كَيْفَ الْحَرْبُ فِيْ جُمْهُوْرِيَّةِ الصُّوْمَالِ؟

جمہوریہ صومال میں جنگ کیسی چل رہی ہے؟

هَلْ مَازَالَ الْعِرَاقُ فِيْ حُرُوْبٍ مُتَوَاصِلَةٍ؟

کیا عراق ابھی تک مسلسل جنگوں کی لپیٹ میں ہے؟

يَـا أَخِـيْ أَخْبَـارُ سَـاحَـاتِ الْحُرُوْبِ سَيِّئَةٌ جِدًّا.

بھائی جنگی میدانوں کے احوال بہت بُرے ہیں۔

اَلْاِحْتِلَالُ الصُّهْيُوْنِـيْ يَقْتُلُ النِّسَـاءَ وَالْأَطْفَالَ وَالشُّيُوْخَ وَالشَّبَابَ.

صہیونی قابض افواج عورتوں، بچوں اور بوڑھوں اور جوانوں کو قتل کرتی ہیں۔

اَلْغَارَاتُ الْأَمْرِيْكِيَّةُ مُتَوَاصِلَةٌ شِبْهَ يَوْمِيٍّ عَلٰى اِقْلِيْمِ وَزِيْرِسْتَانَ.

امریکی ڈرون حملے وزیرستان میں تقریباً یومیہ ہوتے ہیں۔

رُوْسِيَّا مَا زَالَتْ تُقَابِلُ الْمُقَاوِمِيْنَ الشِّيْشَـانِيِّيْنَ وَتَقْصِفُ مَوَاقِعَهُمْ بِالصَّوَارِيْخِ.

روس ابھی تک مزاحمت کرنے والوں کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے، اور ان کے ٹھکانوں پر میزائل داغتا ہے۔

لِلْأَمْرِيْكَانِ طَائِرَةٌ بِدُوْنِ طَيَّارٍ تَقْذِفُ الصَّوَارِيْخَ فَيَقْتُلُ الْعَشَرَاتِ.

امریکی بغیر پائلٹ طیارہ بمباری کرکے دسیوں افراد کی جانیں لے لیتا ہے۔

مُقَـاتِلُوْا طَـالِبَـانَ لَمْ يَخْضَعُوا لِتَفَاوُضَاتِ السَّلَامِ بَلْ أَصَرُّوْا عَلٰى مُوَاصَلَةِ الْحَرْبِ.

طالبان مجاہدین نے مذاکرات سے انکار کیا اور جنگ جاری رکھنے پر مزید زور دیا۔

اَلْمُقَاوِمُوْنَ فِيْ جَمِيْعِ جِهَاتِ الْحَرْبِ لَا يَمْلِكُوْنَ إِلَّا الْيَسِيْرَ مِنَ السِّلَاحِ.

تمام جنگی علاقوں میں مجاہدین کے پاس بہت کم اسلحہ ہے۔

فِـيْ سَـاحَاتِ الْحَرْبِ يُقْتَلُ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الْمَدَنِيِّيْنَ بِدُوْنِ أَيِّ ذَنْبٍ.

جنگی میدانوں میں بہت سے شہری بغیر کسی گناہ کے قتل کئے جاتے ہیں۔

كَثِيْـراً مَـا تَـنْـفَـجِرُ الْعُبُوَاتُ النَّاسِفَةُ فَتُدَمِّرُ الدَّبَّابَاتُ وَالْمُدَرَّعَاتُ.

بارودی سرنگ کثرت سے پھٹتے ہیں جو ٹینکوں اور بکتر بند گاڑیوں کو تباہ کر دیتی ہیں۔

هُـنَـاكَ فِـيْ سَاحَةِ الْحَرْبِ قَنَّاصُوْنَ يَقُوْمُوْنَ عَـلٰى بُـعْدِ مِأَتَيْ مِترٍ تَقْتُلُ الْجُنُوْدَ.

لڑائی میں بعض ایسے تجربہ کار لوگ بھی ہوتے ہیں جو دو کلومیٹر دور سے نشانہ بنا کر فوجیوں کا کام تمام کر دیتے ہیں۔

اَلْجَيْشُ الْأَمْرِيْكِيْ مُزَوَّدَةٌ بِأَحْدَثِ الْأَسْلِحَةِ الْمُتَطَوِّرَةِ.

امریکی فوج ترقی یافتہ جدید ترین اسلحہ سے لیس ہوتا ہے۔

لَدَي حِلْفِ شِمَالِ الْأَطْلَسِيِّ مِدْفَعِيَّاتٌ ثَقِيْلَةٌ وَخَفِيْفَةٌ.

نیٹو افواج کے پاس ہر قسم کے چھوٹے بڑے توپ موجود ہیں۔

سَيَحِلُّ الْجَيْشُ الْأَفْغَانِيُّ مَكَانَ حِلْفِ النَّاتُوْ عِنْدَ خُرُوْجِهِ وَانْسِحَابِهِ.

افغانی فوج نیٹو کے انخلاء کے بعد ان کے قائم مقام بنے گی۔

اَلنَّاسُ يَعِيْشُوْنَ فِيْ خَوْفٍ وَرُعْبٍ عِنْدَ نَشُوْبِ الْمَعَارِكِ الدَّامِيَةِ.

خون ریز لڑائیوں کے حالات میں لوگ خوف وہراس کی زندگی گزارتے ہیں۔

كَثِيْرٌ مِّنَ الْمُدُنِيِّيْنِ يَرْحَلُوْنَ مِنَ الْمَنَاطِقِ الَّتِيْ فِيْهَا الْحُرُوْبُ الطَّاحِنَةُ.

بہت سے شہری ان علاقوں سے کوچ کرتے ہیں جہاں پر خونی جنگیں ہیں۔

دُوَلُنَا الْإِسْلَامِيَّةُ لَا تَنْتَهِيْ فِيْهَا الْحُرُوْبُ بِسُهُوْلَةٍ.

ہمارے اسلامی ممالک میں جنگیں آسانی سے ختم نہیں ہوں گی۔

بِسَبَبِ الْحَرْبِ عَلَى الْإِرْهَابِ خَرِبَتْ كَثِيْرٌ مِنْ بُيُوْتِ الْمُدَنِيِّيْنَ الْأَبْرِيَاءِ.

دہشت گردی کے خلاف جنگ کی وجہ سے بہت سے بے گناہ معصوم شہریوں کے گھر خراب ہو گئے۔

فِيْ فِلَسْطِيْنَ يُقْتَلُ الْأَطْفَالُ وَالشَّبَابُ وَالشُّيُوْخُ عَلَى حَدٍّ سَوَاءٍ بِسَبَبِ دِفَاعِهِمْ عَنْ وَطَنِهِمْ.

فلسطین میں بچے بوڑھے سب یکساں قتل کیے جارہے ہیں اپنے وطن سے دفاع کی وجہ سے۔

جَمِيْعُ الْأَحْزَابِ الْإِسْلَامِيَّةِ الْمُقَاوِمَةِ عِنْدَ الْغَرْبِ إِرْهَابِيُّوْنَ خَطِرُوْنَ.

تمام اسلامی جہادی تحریکیں اہلِ مغرب کے ہاں خطرناک دہشت گرد ہیں۔

يَا أَخِيْ أَنَا لَا أُحِبُّ الَّذِيْنَ يَقُوْمُوْنَ بِتَفْجِيْرِ الْأَسْوَاقِ وَالْمَسَاجِدِ وَالْبُيُوْتِ.

بھائی میں اُن لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو گھروں، بازاروں اور مسجدوں میں دھماکے کرتے ہیں۔

هُنَاكَ أُنَاسٌ اِنْتِحَارِيُّوْنَ يَقُوْمُوْنَ بِتَرْوِيْعِ النَّاسِ عِنْدَمَا يَقُوْمُوْنَ بِتَفْجِيْرِ أَنْفُسِهِمْ مُخَلِّفِيْنَ قَتْلٰى مِنَ الْمَدَنِيِّيْنَ الْأَبْرِيَاءِ.

بعض خودکش لوگوں کو ڈراتے ہیں جب خود کو اُڑا دیتے ہیں تو معصوم و بے گناہ شہریوں کو قتل کر کے پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔

فِيْ سَاحَةِ الْحَرْبِ وَفِي الْجِهَاتِ الْقِتَالِيَّةِ اِسْتِشْهَادِيُّوْنَ مُضْطَرُّوْنَ بِقَتْلِ الْعَدُوِّ بِتَفْجِيْرِ أَنْفُسِهِمْ.

میدان جنگ اور لڑائی والے علاقوں میں فدائی دشمن کو قتل کرنے کیلئے اپنے آپ کو اُڑانے پر مجبور ہوتے ہیں۔

كَثِيْراً مَا يَسْتَعْمِلُ الْمُقَاوِمُوْنَ قَذَائِفَ الْهَاوِنِ وَالرَّشَّاشَاتِ الثَّقِيْلَةِ فِيْ دَحْرِ الْعَدُوِّ.

بہت سارے مجاہدین دشمن کو پسپا کرنے کیلئے دستی بم اور بھاری قسم کے گولے استعمال کرتے ہیں۔

اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ لَا يُحِبُّ الْحُرُوْبَ وَالْقَتْلَ وَالدِّمَاءَ.

اسلام ایک ایسا دین ہے جو جنگیں لڑائیاں اور خونریزی پسند نہیں کرتا۔

أَنَا لَا أُحِبُّ أَنْ يَتَقَاتَلَ الْمُسْلِمُوْنَ وَيَقْتُلُ بَعْضُهُمْ بَعْضاً.

میں نہیں چاہتا کہ مسلمان آپس میں لڑیں اور ایک دوسرے کو قتل کریں۔

اَلْحَرْبُ لَا تُخَلِّفُ وَرَائَهَا إِلَّا الدِّمَاءَ وَالتَّشَرُّدَ وَالْفَقْرَ وَالْجُوْعَ.

جنگ اپنے پیچھے خونریزی، بے گھر ہونے، افلاس اور بھوک کے سوا کچھ نہیں چھوڑتی۔

إِذَا كَانَ الْمَقْصَدُ مِنَ الْقِتَالِ أَنْ تَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ مُبَارَكٌ وَلَهُ نُصْرَةٌ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى.

اگر قتال سے مقصد اعلاء کلمۃ اللہ ہو تو وہ مبارک ہے اور اس پر اللہ تعالیٰ کی نصرت کا وعدہ ہے۔

إِذَا كَانَتِ الْحَرْبُ لَيْسَ مِنْ وَّرَائِهَا إِلَّا مَقَاصِدُ خَبِيْثَةٌ لَا تُرْضِي اللّٰهَ فَلَا خَيْرَ فِيْهَا أَبَداً.

اگر جنگ کے پیچھے میں ایسے خبیث مقاصد ہوں جس سے اللہ ناراض ہوتا ہے تو اس میں کبھی بھی خیر نہیں۔

فِي الْحُرُوْبِ الطَّوِيْلَةِ تُسْتَعْمَلُ فِيْهَا جَمِيْعُ أَنْوَاعِ الْأَسْلِحَةِ.

طویل جنگوں میں ہر قسم کا اسلحہ استعمال ہوتا ہے۔

تَكُوْنُ الْحُرُوْبُ فِيْ مَوَاقِعِ عِدَّةٍ فِي الْجِبَالِ وَهِيَ مِنْ أَصْعَبِ الْجِهَاتِ وَالصَّحَارِيْ وَالْغَابَاتِ وَالْوُدْيَانِ وَالْمُدُنِ وَالْقُرٰى.

جنگیں متعدد جگہوں میں ہوتی ہیں، پہاڑوں میں اور وہ سب سے مشکل جگہیں ہیں اور صحریٰ میں، جنگلوں میں، وادیوں میں اور شہر اور دیہات میں ہوتے ہیں۔

أَفْعَالُ حِوَارٍ فِي الْقِطَارِ

افعال	مصدر	باب	معانی
قدمتُ	قدوما	س	آنا
احتاط	احيتاطا	افتعال	احتیاط کرنا
يفوتنا	فوتا ـ فواتا	ن	فوت ہوجانا/چھوٹ جانا
ينطلق	انطلاقا	انفعال	چلنا/سٹارٹ ہونا
تأخرت	تأخرا	تفعل	دیر ہونا/مؤخر ہونا
أسرع	اسراعا	افعال	جلدی کرنا
مشى	مشيئا	ض	چلنا
نسيت	نسيانا	س	بھولنا
أنظر	نظرا	ن	دیکھنا
حجزت	حجزا	ن	بُک کرنا
تغطيها	تغطية	تفعيل	چھپانا
غطِّها	تغطية	تفعيل	چھپانا
تحملُ	حملا	ض	لیجانا، اُٹھانا
أكره	اكراها	افعال	مجبور کرنا
نُجهِّزُ	تجهيزا	تفعيل	تیار کرنا
أسافر	مسافرة ـ سفرا	مفاعلة	سفر کرنا

حِوَارٌ فِي الْقِطَارِ

ریل گاڑی سے متعلق گفتگو

أَخِي الْكَرِيْمُ إِنَّكَ قَدِمْتَ مُبَكِّراً.
بھائی جان آپ بہت سویرے آ گئے۔

نَعَمْ أَخِي الْعَزِيْزُ لَا بُدَّ أَنْ نَفْعَلَ ذٰلِكَ.
ہاں بھائی جان! ہمیں اسی طرح کرنا چاہیے۔

نِعْمَ مَا قُلْتَ وَإِنْ لَّمْ نَفْعَلْ فَاتَنَا الْقِطَارُ.
بہت خوب کہا آپ نے، اگر ہم ایسا نہ کرتے تو ریل نکل جاتی۔

رُبَمَا يَفُوْتُنَا وَرُبَّمَا لَا يَفُوْتُنَا.
کبھی ریل ہم سے چھوٹ جاتی ہے کبھی نہیں۔

لٰكِنْ يَا صَاحِبِيْ لَا بُدَّ مِنَ الْإِحْتِيَاطِ.
لیکن دوست پھر بھی احتیاط ضروری ہے۔

صَحِيْحٌ مَا قُلْتَ يَجِبُ عَلَيْنَا أَنْ نَتَّخِذَ الْحِيْطَةَ حَتّٰى يَكُوْنَ سَفَرُنَا مُسْتَقِيْماً فِيْ وَقْتِهٖ.
آپ نے ٹھیک کہا ہم پر احتیاط واجب ہے، تاکہ ہم اپنا سفر اپنے وقت میں کریں۔

تَعْبِيْرَاتٌ حَوْلَ الْقِطَارِ وَالْمَحَطَّةِ

ریل اور اسٹیشن سے متعلق تعبیرات

شُكْراً لَكَ عَلٰى قُدُوْمِكَ قَبْلَ الْوَقْتِ بِسَاعَةٍ.
وقت سے ایک گھنٹہ پہلے آنے پر آپ کا شکریہ۔

مَتٰى يَنْطَلِقُ الْقِطَارُ مِنَ الْمَحَطَّةِ؟
ریل اسٹیشن سے کب روانہ ہوگی؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ إِنَّكَ وَصَلْتَ فِي السَّاعَةِ الْمُحَدَّدَةِ.
الحمدللہ آپ مقررہ وقت پر پہنچے۔

حَظُّكَ كَانَ طَيِّباً إِذْ وَصَلْتَ وَقْتَ انْطِلَاقِ الْقِطَارِ.
آپ خوش نصیب ہو کہ ریل کی روانگی کے وقت پہنچ گئے۔

يَا أَخِي لَقَدْ تَأَخَّرْتَ أَسْرِعْ حَتّٰى لَا يَمْشِيَ الْقِطَارُ بِدُوْنِنَا.

ارے بھائی! آپ نے دیر کردی جلدی کیجئے تاکہ ہم سے ریل نہ چھوٹے۔

هَلْ مَعَكَ تَذَاكِرُ الْقِطَارِ؟

کیا آپ کے پاس ریل کے ٹکٹس ہیں؟

هَلْ نَسِيْتَ التَّذَاكِرَ فِي الْبَيْتِ عَلَيْكَ أَنْ تُعَجِّلَ حَتّٰى تَأْتِيَ بِهَا.

کیا آپ ٹکٹ گھر میں بھول گئے آپ کو جلدی کرنی چاہیے تاکہ وہ لیکر آؤ۔

أَحَقًّا نَسِيْتَ التَّذْكِرَةَ فِي الْغُرْفَةِ؟

کیا واقعی آپ ٹکٹ کمرے میں بھول گئے؟

أَرْجُوْ أَنْ تَأْتِيَ بِجَمِيْعِ التَّذَاكِرِ وَلَا تَنْسَ تَذْكِرَةً وَاحِدَةً.

اُمید ہے کہ آپ تمام ٹکٹس لائیں اور کوئی ایک بھی نہ بھولیئے۔

فِيْ أَيِّ قَاطِرَةٍ أَنْتَ؟

آپ کونسے ڈبے میں ہو؟

مَا رَقْمُ الْقَاطِرَةِ الَّتِيْ أَنْتَ فِيْهَا؟

اس ڈبے کا نمبر کیا ہے جس میں آپ ہو؟

رَقْمُ الْقَاطِرَةِ وَالسَّرِيْرِ مُسَجَّلٌ فِي التَّذْكِرَةِ.

ٹکٹ میں ڈبہ اور برتھ نمبر لکھا ہوا ہے۔

اُنْظُرْ أَوَّلاً إِلٰى رَقْمِ الْكُرْسِيِّ وَفِيْ أَيِّ قَاطِرَةٍ؟

پہلے سیٹ نمبر دیکھئے اور کس ڈبہ میں ہے؟

هَلْ حَجَزْتُمْ غُرْفَةً لِأَرْبَعَةِ أَسِرَّةٍ؟

کیا آپ نے چار برتھ والا ڈبہ بک کیا ہے؟

أَحَجَزْتُمْ غُرْفَةً لِسِتَّةِ أَسِرَّةٍ أَمْ أَرْبَعَةٍ؟

چھ برتھوں والا ڈبہ بک کیا ہے یا چار والا؟

هَلْ تُوْجَدُ لِعَائِلَةٍ وَاحِدَةٍ غُرْفَةٌ مُكَيَّفَةٌ؟

کیا ایک فیملی کیلئے A/C ڈبہ ملے گا؟

هَلْ يُمْكِنُ حَجْزُ غُرْفَةٍ خَاصَّةٍ فِي الْقِطَارِ؟

کیا ٹرین میں کوئی خاص کمرہ بک کیا جاسکتا ہے؟

تُوْجَدُ فِيْ جَمِيْعِ الْقَاطِرَاتِ غُرَفٌ مَفْتُوْحَةٌ.

ٹرین میں سارے عام کمرے ہوتے ہیں۔

هُنَاكَ قَاطِرَاتٌ خَاصَّةٌ لِلْغُرَفِ الْمُغْلَقَةِ الْمُتَكَوِّنَةِ مِنْ أَرْبَعَةِ أَسِرَّةٍ أَوْ سِتَّةِ أَسِرَّةٍ.

ہاں دوسرے خاص ٹرینوں میں چار یا چھ برتھ والے اسپیشل بند ڈبے ہیں۔

تُوْجَدُ غُرَفٌ خَاصَّةٌ مُكَيَّفَةٌ وَلَا تُوجَدُ غَيْرُ مُكَيَّفَةٍ.

پرائیویٹ میں صرف A/C ڈبے ہیں بغیر A/C کے نہیں۔

يُمْكِنُكَ حَجْزُ غُرْفَةٍ مَفْتُوْحَةٍ فِي الْقَاطِرَةِ الْغَيْرِ الْمُكَيَّفَةِ وَتُغَطِّيْهَا بِرِدَاءٍ أَوْ قُمَاشٍ.

بغیر A/C ڈبہ میں آپ کمرہ بک کر کے اس میں چادر یا کپڑا لٹکا سکتے ہیں۔

هَلْ عِنْدَكُمْ قِطَارَاتٌ سَرِيْعَةٌ؟

کیا تمہارے ہاں ایکسپریس ٹرین ہوتے ہیں؟

مَا هُوَ اَسْرَعُ قِطَارٍ فِي الْبِلَادِ.

ملک میں سب سے والی ٹرین کونسی ہے؟

جَمِيْعُ الْقِطَارَاتِ مَفْتُوْحَةٌ لِصَاحِبِ السَّرِيْرِ وَالْكُرْسِيِّ وَلِغَيْرِهِ.

سارے ڈبے برتھ اور سیٹ والے اور دوسروں کیلئے عام ہیں۔

عِنْدَنَا قِطَارٌ وَاحِدٌ سَرِيْعٌ اِسْمُهُ قَرَاقَرَمُ.

ہمارے ہاں ایک ایکسپریس ٹرین ہے جس کا نام قراقرم ہے۔

أَكْثَرُ الْقِطَارَاتِ فِيْ بَلَدِنَا غَيْرُ سَرِيْعَةٍ.

ہمارے ملک میں اکثر ٹرین ایکسپریس نہیں ہوتے ہیں۔

لَدَيْنَا قِطَارٌ وَاحِدٌ لَا يَرْكَبُ فِيْهِ إِلَّا مَنْ كَانَ عِنْدَهُ تَذْكِرَةُ سَرِيْرٍ.

ہمارے یہاں ایک ٹرین ہے، جس میں صرف وہ شخص سوار ہوسکتا ہے جس کے پاس برتھ کا ٹکٹ ہو۔

أَكْثَرُ قِطَارَاتِنَا يَرْكَبُ فِيْهَا صَاحِبُ تَذْكِرَةِ السَّرِيْرِ وَالْكُرْسِيِّ وَالَّذِيْ لَا يُمْلِكُ إِلَّا تَذْكِرَةَ رُكُوْبٍ فَحَسْبُ.

اکثر ٹرینوں میں ہر کوئی سفر کرسکتا ہے، برتھ والا، سیٹ والا، حتی کہ جس کے پاس صرف سفر کا ٹکٹ ہو وہ بھی۔

يَا أَخِيْ مَا وَجَدْتُ تَذْكِرَةً إِلٰى لَاهُوْرَ إِلَّا لِكُرْسِيٍّ وَاحِدٍ.

بھائی جان! لاہور کیلئے صرف ایک سیٹ کا ٹکٹ مل گیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَجَدْتُ تَذْكِرَةً لِثَلَاثَةِ أَسِرَّةٍ.

شکر ہے مجھے تین برتھ کا ٹکٹ مل گیا۔

